https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC Certified

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ

Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء | 5 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 157

بلوچستان میں امن و استحکام کیخلاف سازش کو ناکام بنایا جائیگا، سرفراز بگٹی

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کیلئے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے پرعزم ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کیلئے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

فوجداری مقدمہ ختم ہونا ازخود ہتک عزت کا دعویٰ ثابت نہیں کرتا، سپریم کورٹ

کسی شخص کے خلاف درج فوجداری مقدمہ سی کلاس میں ختم ہوجانے سے ازخود ہتک عزت کا دعویٰ ثابت نہیں ہوتا

ایسے معاملے میں فریق کو بدنیتی پر مبنی قانونی کارروائی کے دعوے کیلئے الگ قانونی تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ جسٹس عرفان سعادت خان

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی شخص کے خلاف درج فوجداری مقدمہ سی کلاس میں ختم ہوجانے سے ازخود ہتک عزت کا دعویٰ ثابت نہیں ہوتا، ایسے معاملے میں فریق کو بدنیتی پر مبنی قانونی کارروائی کے دعوے کیلئے الگ قانونی تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ جسٹس عرفان سعادت خان اور جسٹس عقیل احمد عباسی پر مشتمل سپریم کورٹ کے دو رکنی بینچ نے الطاف حسین و دیگر کی جانب سے بائر (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

دستاویزات تصدیق کی فیس سرکاری اکاؤنٹ میں جاتی ہے، کوئی نقد وصول نہیں کرتا: ترجمان دفتر خارجہ

کاغذات کی تصدیق کی فیس آن لائن ادا کی جاتی ہے، رقم کوئی فرد وصول نہیں کرتا

اسلام آباد(این این آئی) دفتر خارجہ نے کاغذات کی تصدیق کے نظام میں مبینہ بیضابطگیوں سے متعلق رپورٹ کی تصدیق یا تردید کرنے کی بجائے وضاحت جاری کرتے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

جدید دور میں سرکاری و نجی اداروں کی خدمات کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے، وزیر تعلیم

پاکستان کو ترقی کی صحیح سمت پر گامزن کرنے کیلئے آئندہ دس برس تک درست سمت میں مسلسل کام کرنا ہوگا، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن اب کوئی آپشن نہیں بلکہ واحد راستہ رہ گیا ہے، اگر ہم آج پیپرلیس نہ ہوئے تو کل بے مقصد ہو جائیں گے، پاکستان کو ترقی کی صحیح سمت پر گامزن کرنے کے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

آمنہ بلوچ کا تین دہائیوں پر محیط سفارتی کیریئر اختتام پذیر، عاصم افتخار نئے سیکرٹری خارجہ ہونگے

اسلام آباد(این این آئی) سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کا تین دہائیوں پر محیط سفارتی کیریئر جمعرات کو اختتام پذیر ہوگیا، ان (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے جاپانی وزیراعظم کی کمیٹی کے رکن چوہدری آصف محمود کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز اور وزیراعظم کی جاپان کمیٹی کے رکن (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سردار بہادر وویمن یونیورسٹی کے 16 ویں سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فیول ریلیف پیکج پر حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے مذاکرات کامیاب، ڈیڈلاک ختم

حکومت اور ڈیلرز کے درمیان اتفاق رائے کے بعد فیول ریلیف پیکج پر عملدرآمد کی راہ ہموار ہوگئی اور کئی روز سے جاری ڈیڈلاک ختم ہوگیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے درمیان فیول ریلیف پیکج پر معاملات طے پا گئے، کامیاب مذاکرات کے بعد پیٹرولیم ڈیلرز نے پیکج پر عملدرآمد شروع کردیا۔ پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق حکومت سے مذاکرات کامیاب رہے اور ادائیگیوں کے طریقہ کار کا نوٹیفکیشن جلد جاری کردیا جائے گا۔ پیٹرولیم ڈیلرز کو ریلیف پیکج (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

کچلاک میں کم سن بچی کے ضعیف العمر شخص سے نکاح کا معاملہ، وزیراعلیٰ کا نوٹس

کم سن بچی ببو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ(این این آئی) کچلاک میں کم سن بچی کے ضعیف العمر شخص سے نکاح کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات اور ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی ہدایت کردی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی کے مطابق کم سن بچی ببو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا ہے، جبکہ ایف آئی آر کے اندراج اور گرفتار ملزم کو کوئٹہ پولیس کے حوالے کرنے کیلئے کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

کفایت شعاری مہم کا آغاز، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری دیدی

کفایت شعاری کے اقدامات پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور حکومتی اخراجات میں کمی کے ساتھ توانائی اور ایندھن کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ملک بھر میں سادگی و کفایت شعاری مہم کی منظوری دیدی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق فیصلہ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت منعقدہ کفایت شعاری اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات پر اہم اجلاس میں ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے سے دنیا بھر مہنگائی کی لپیٹ میں ہے، سب سے پہلے حکومت اور اشرافیہ سے قربانی کا آغاز کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کیلئے فیول سبسڈی کا آغاز ہوچکا، موٹرسائیکل، رکشہ اور 800 سی سی گاڑیوں کو 100 روپے فی لیٹر کے تناسب سے سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔ وزیراعظم نے سرکاری اخراجات میں غیر ضروری کمی اور قومی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنانے اور متعلقہ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسرائیل کی غزہ پر بمباری، 9 فلسطینی شہید، 40 زخمی

غزہ سٹی کے الشاطی کیمپ میں ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنائے جانے سے 12 فلسطینی جاں بحق، تقریباً 40 زخمی اور متعدد لاپتا ہوئے

لوگوں کے گروہوں کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات ہیں' حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے، فلسطینی میڈیا

غزہ(این این آئی) غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملوں کے نتیجے میں کم ازکم 9 فلسطینی شہید اور تقریباً 40 زخمی ہوگئے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی علاقوں میں مختلف مقامات پر کیے گئے۔ غزہ سٹی کے مختلف علاقوں میں افراد، گاڑیوں اور لوگوں کے گروہوں کو نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات ہیں۔ خان یونس کے المواسی علاقے میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر حملوں میں متعدد افراد جاں بحق اور (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب پر حوثیوں کا ڈرون حملہ؛ ایک شہری جاں بحق، پاکستانی سمیت 2 زخمی

ریاض(این این آئی) طائف میں حوثیوں کے ڈرون کا ملبہ گرنے سے یمنی شہری جاں بحق اور پاکستانی شخص اور سعودی خاتون زخمی ہیں۔ سعودی عرب کے شہر طائف میں حوثیوں کی جانب سے بھیجے گئے ڈرون کو راستے میں روک کر تباہ کردیا گیا تھا تاہم ڈرون کا (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیرِ خزانہ کی برطانیہ کے وزیرِ مملکت برائے تجارت سے ملاقات

حکومت نجکاری کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم ہے

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے لندن میں محکمہ برائے کاروبار و تجارت میں برطانیہ کے وزیرِ مملکت برائے تجارت، جناب انس سرور سے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

حکومت کا سوشل میڈیا ریگولیشن مزید سخت کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی) حکومت نے سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلئے قوانین مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا، وزارت داخلہ نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا فیصلہ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

نوکنڈی' دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر کامیاب آپریشن

بھاری مقدار میں گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد

کوئٹہ(این این آئی) سکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ III کے تحت نوکنڈی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی نشاندہی کے بعد انہیں نشانہ بنایا گیا، اور ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں گولہ بارود اور (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

گورنر کے پی کی درخواست پر پشاور سے کوئٹہ براہ راست پروازوں کا آغاز

پشاور(این این آئی) پشاور اور کوئٹہ کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگیا ہے اور نجی ایئرلائن کی جانب سے پہلی فلائٹ 19 ستمبر کو اڑائی جائے گی۔ میڈیا رپورٹ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح

جی ڈی اے کی کاموں کی بدولت گرلز ہائی سکول کے انفراسٹرکچر اب کوئی عام سرکاری اسکول نہیں

گوادر(خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن اور ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ افتتاح کیے گئے منصوبوں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

آواران: بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 3 دہشتگرد جہنم واصل

سکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں

آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا گیا ہے، سکیورٹی ذرائع

راولپنڈی/آواران (این این آئی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں تین دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں فتنہ الہندوستان کے 3 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی سے پالیمان سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حاجی عبدالمجید بادینی ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں' غزالہ گولہ

ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں بہتر مواقع، مالی معاونت اور مناسب رہنمائی فراہم کی جائے، قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ(این این آئی) قائم مقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے پی پی اے ایف (PPAF) کے زیراہتمام منعقدہ سیمینار میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے پروگرام کے تحت خواتین کو بلاسود قرضوں کی فراہمی، کاروباری خواتین کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے اور مضبوط ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے سے خواتین میں معاشی (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے' اورنگزیب کچی

معاون ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور خوداعتمادی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کچی نے مشترکہ طور پر سنٹر آف ایکسیلینس ڈیف ریچ سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ خصوصی بچوں کی تعلیم، تربیت، نگہداشت اور بحالی کیلئے ایسے اداروں کا قیام حکومت کی اہم ترجیحات (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

نجکاری کمیٹی کا پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز فوری جاری کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد(این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما فاروق ستار کی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے نوجوان توانائی، صلاحیت، ہنر اور عزم سے مالا مال ہیں، مینا مجید

پاکستان کی جمہوری اسمبلیوں میں تقریباً 30 فیصد نوجوان نمائندگی کررہے ہیں، جبکہ ملک کی 62 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے

نوجوانوں کو پالیسی اور فیصلہ سازی کے عمل میں مناسب مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے' صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان

کوئٹہ+کیپ ٹاؤن (این این آئی) 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس کے موقع پر بلوچستان کی نوجوان رکن صوبائی اسمبلی اور صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کے مسائل، صلاحیتوں اور مستقبل کے امکانات کو عالمی پارلیمانی فورم پر اجاگر کیا۔ جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں جاری 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس کے تحت 16 ستمبر کو منعقدہ Youth Roundtable میں مینا مجید بلوچ نے ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

گوادر، کشتیوں کیلئے پختہ پلیٹ فارم جی ڈی اے نے ٹینڈر منظور کرلیا

گوادر(این این آئی) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے ماہی گیروں کی کشتیوں کیلئے پختہ پلیٹ فارم کی تعمیر (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد ماہر امراض اطفال ڈاکٹر سہیل یوسف ملک گولیاں لگنے سے ہلاک، قتل کے شبے میں اہلیہ گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد ماہر امراض اطفال ڈاکٹر سہیل یوسف ملک گولیاں لگنے سے ہلاک، قتل کے شبے (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی مدد جتک اپنے حلقے پی بی 45 دورے کے موقع پر علاقہ معتبرین سے خطاب کررہے ہیں

ملک کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہونگے، جعفر مندوخیل

عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا

آج وویمن یونیورسٹی کی رینکنگ اینڈ اسکورنگ میں مسلسل اضافہ ہونا خوش آئند ہے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں ملک بھر کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہوں گے۔ اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ان کی پوری ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں تاہم وویمن یونیورسٹی کو پاکستان کی ٹاپ یونیورسٹیز میں لانے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کی تحقیقات، ایران میں امریکی حملوں پر جنگی جرائم کے شواہد کا دعویٰ کردیا

اقوام متحدہ کی یہ رپورٹ انسانی حقوق کونسل کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی، عالمی مشن

جنیوا(این این آئی) ایران کے بارے میں اقوام متحدہ کے آزاد (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

مستونگ' نوزہ کانک میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق' ایک شخص زخمی

مستونگ(این این آئی) مستونگ کے علاقے نوزہ کانک میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق مستونگ کے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کیلئے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے' سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

قومی ورثے، زبان و ادب اور ثقافتی اقدار سے نئی نسل کو روشناس کروانا وقت کی اہم ضرورت ہے، اورنگزیب کھچی

نوجوان نسل ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، اس کی علمی، ادبی اور فکری تربیت کیلئے تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہم ہے

تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے' وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت

کوئٹہ(خ ن) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ نوجوان نسل ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، اس کی علمی، ادبی اور فکری تربیت کیلئے تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔ قومی ورثے، زبان و ادب اور ثقافتی اقدار سے نئی نسل کو روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان تعلیمی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے، وہ جمعرات کو رحمت للعالمین و (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

گوادر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق سے ملاقات کررہے ہیں

حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح عوامی مفاد، شفافیت اور خدمات کی بروقت فراہمی ہے' شکیل قادر

شہر میں "اربن فاریسٹ" پروجیکٹ اور بزنس سنٹر منصوبے پر بروقت کام شروع کرے۔

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس میں سیکرٹریز محکمہ اطلاعات، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ ماحولیات (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

خضدار میں ناخواندگی کے خلاف تاریخی اقدام

ایک سال میں 190 کمیونٹی اسکول فعال، 10 ہزار بچے زیور تعلیم سے آراستہ

خضدار(این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں ناخواندگی کے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

حکمرانوں کو عوام کی مشکلات کی فکر نہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کیلئے بلوچستان سے قافلے آج جمعہ اور کل ہفتہ روانہ ہوں گے تمام اضلاع و برادر تنظیموں کو اہداف اور ہدایات جاری کردی گئیں

40 دنوں سے پورے ملک میں دھرنوں اور پُرامن جمہوری مزاحمت کے ذریعے عوامی مسائل کو اجاگر اور قومی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے

کوئٹہ(این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کیلئے بلوچستان سے قافلے آج جمعہ اور کل ہفتہ روانہ ہوں گے۔ تمام اضلاع اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران کو اہداف اور ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ امرائے اضلاع اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران مرکزی امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے صوبے سے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائیگا، ظہور بلیدی

آپریشن کے دوران دہشتگردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور مؤثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور عزم اور استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں' صوبائی وزیر

کوئٹہ(خ ن) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے آواران میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور مؤثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

بحیرہ عرب عالمی تجارت، توانائی کی ترسیل، خلیج عمان اور اہم بین الاقوامی سمندری راستوں سے منسلک انتہائی اہم خطہ ہے' عبدالقادر

بحیرہ عرب میں پاکستانی بحری حدود میں بھارتی بحری جہاز کی اشتعال انگیز نقل و حرکت خطے میں خطرناک کشیدگی بڑھانے کا باعث بن سکتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں پاکستان نیوی کی بحری مشق کے دوران بھارتی بحری جہاز کی پاکستانی جہاز کے انتہائی قریب خطرناک نقل و حرکت اور اس کے نتیجے میں پیش آنے والے تصادم نے خطے میں ایک نئی اور انتہائی حساس صورتِ حال پیدا کردی ہے۔ پاکستانی خصوصی اقتصادی زون میں پیش آنے والا یہ واقعہ انتہائی تشویشناک اور ناقابلِ قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی بحری (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی کلی علیاں اور مدینہ کالونی واشک میں تین کروڑ کی لاگت سے حفاظتی بند کے منصوبے پر کام مکمل ہونے پر معائنہ کررہے ہیں

بلوچستان میں عمر قید کی سزا کاٹنے والے دو قیدیوں کی سپریم کورٹ کے جعلی احکامات پر رہائی کا انکشاف

پولیس نے مفروروں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دیے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں عمر قید کی سزا کاٹنے والے دو قیدیوں کی سپریم کورٹ کے جعلی احکامات پر رہائی کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ واقعہ ضلع ژوب کی سینٹرل جیل میں پیش آیا جہاں منشیات کے کیس میں عمر قید کاٹنے والے دو افراد قید تھے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے یہ واقعہ قریباً 15 ماہ پرانا ہے تاہم مقدمہ اب درج کیا گیا ہے کیونکہ جیل انتظامیہ کی جانب سے ہونے والی اندرونی انکوائری مکمل ہونے کے بعد اب پولیس کو درخواست بھیجی گئی ہے۔ مفرور (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

وزیراعظم کی اسپیشل ریلیف اسکیم خوش آئند ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کیلئے سبسڈی کے آسان حصول کیلئے انتظامیہ، رضا کاروں اور پیٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریلیف فراہم کرنے کیلئے سہولت ڈیسک پر موجود افراد سکیم کے مستحق شہریوں کی رہنمائی کریں، عوام کو رجسٹریشن اور دیگر ضروری مراحل میں ہر ممکن رہنمائی فراہم کی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت خلیج کی صورتحال کے پیش نظر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کم آمدنی اور متوسط طبقے کو ریلیف کی فراہمی کیلئے پی ایم اسپیشل ریلیف اسکیم کی پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں بتایا گیا کہ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ وزیراعظم نے عوام کیلئے سبسڈی کے آسان حصول کیلئے انتظامیہ، رضا کاروں اور پیٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ریلیف فراہم کرنے کیلئے سہولت ڈیسک پر موجود افراد سکیم کے مستحق شہریوں کی رہنمائی کریں۔ عوام کو رجسٹریشن اور دیگر ضروری مراحل میں ہر ممکن رہنمائی فراہم کی جائے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو عوام میں اسکیم سے متعلق کسی بھی قسم کی آگاہی کیلئے متحرک رہنے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں وزیراعظم کو فیول سبسڈی سکیم کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ اسلام آباد میں اسکیم کے پائلٹ کے افتتاح کے بعد اب پورے ملک بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں سکیم کا افتتاح کیا جا چکا ہے۔ اس سکیم کو عوام کے لئے انتہائی آسان فہم بنایا گیا ہے، فیول سبسڈی اسکیم کی رجسٹریشن کے لئے صرف چار معلومات درکار ہیں۔ بتایا گیا کہ شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، رجسٹریشن کا صوبہ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ اس اسکیم میں رجسٹریشن کیلئے درکار چار بنیادی معلومات ہیں۔ بتایا گیا کہ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات اردو ویب سائٹ www.pmfuelrelief.pk پر دستیاب ہیں۔ بتایا گیا کہ کامیاب رجسٹریشنز کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، سکیم کو ملک گیر سطح پر نافذ کرنے کیلئے صوبائی حکومتیں بھرپور تعاون کر رہی ہیں۔

ٹی وی ڈرامہ: تفریح یا اخلاقی بگاڑ

ایک سنہری دور وہ بھی تھا، جب پاکستان میں صرف پی ٹی وی کا ہی راج ہوا کرتا تھا۔ تب پاکستانی ڈراموں کی دھوم پورے برصغیر پاک و ہند میں گونجا کرتی تھی۔ ہر کوئی ان کا شیدائی تھا۔ پی ٹی وی کی پندرہ یا سولہ گھنٹوں پر مشتمل نشریات ایک مخصوص ترتیب کے مطابق چلا کرتی تھیں۔ بچوں، جوانوں اور بزرگوں کے پروگرام اپنے وقت پر نشر ہوا کرتے تھے۔ سب کو یہ آگاہی ہوا کرتی تھی کہ کب کون سا پروگرام نشر ہوگا۔ ڈراموں کے لئے 8 بجے کا وقت مقرر تھا۔ ڈرامے کی قسط ہفتے میں ایک بار ہی آیا کرتی تھی۔ یہ وہ وقت تھا جب مشہور ڈراموں کو دیکھنے کے لئے گلیاں اور بازار سنسان ہو جایا کرتے تھے۔ اس وقت کے ڈراموں کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ ان میں عوامی مسائل کو اجاگر کیا جاتا تھا۔ اخلاقیات کا بھرپور خیال رکھا جاتا تھا۔ غرض ان ڈراموں میں تفریح کے ساتھ ساتھ زندگی گزارنے کے حقائق اور آداب بھی سکھائے جاتے تھے۔ ڈراموں کو غیر ضروری طوالت دینے کا رواج نہیں تھا۔ سب جانتے تھے کہ تیرہ اقساط کا ڈرامہ ایک سہ ماہی کے بعد ختم ہو جائے گا۔ یوں وہ ڈرامے اختتام پذیر ہو جانے کے بعد بھی سالوں یاد رکھے جاتے تھے۔ لوگ ان سے سیکھا سبق زندگی کے تجربات کے طور پر اپنے اوپر لاگو کیا کرتے تھے۔ یوں خاندانوں کو توڑنے کے بجائے جوڑنے کی طرف توجہ زیادہ مرکوز کی جاتی تھی۔

ہر سو ہے تماشہ
عامر نعمان

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وقت نے اپنا رنگ ڈھنگ بھی بدل ڈالا۔ پی ٹی وی کی اجارہ داری ختم ہوگئی۔ ملک میں طرح طرح کے نجی نشریاتی اداروں کی بھرمار ہوگئی۔ ان کی نشریات چوبیس گھنٹے چلنے لگیں۔ رات بھر دن کی نشریات دوبارہ نشر ہوتیں، تاکہ کوئی بھی ان نشریات کو دیکھنے سے محروم نہ رہ جائے۔ اب ان نشریاتی اداروں نے مزید پھیلاؤ کی دوڑ میں نیوز کے لئے الگ چینل، کھیلوں کے لئے الگ چینل، تفریحی نشریات کے لئے الگ چینل، کھانا پکانے کے لئے الگ چینل بنا ڈالے۔ غرض اتنے حصوں میں سب کو بانٹ لیا کہ ان تمام چینلوں کا پیٹ بھرنے کے لئے ایک ان دیکھی دوڑ شروع ہوگئی۔ یہ بات سب کے علم میں ہے کہ جب زیادہ مواد کی ضرورت ہو، اور کم مواد موجود ہو تو پھر معیار کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ اس وقت ضرورت صرف مواد کے حصول کی رہ جاتی ہے۔ جیسا ہو بس مواد ہو اور آسانی سے مل رہا ہو۔ سو وہی ہوا کہ معیار آہستہ آہستہ کہیں غائب ہونے لگا اور غیر معیاری مواد ضرورت سے زیادہ نشر ہونے لگا۔

اب یہ حال ہے کہ غیر ضروری طور پر اقساط کی تعداد تیرہ کے بجائے چالیس، چالیس اور کہیں اس سے بھی زیادہ بنائی جانے لگی ہیں۔ ڈرامے ہفتے میں دو بار نشر ہونے لگے ہیں۔ جو پیغام بہت بہتر انداز میں تیرہ اقساط میں دیا جا رہا تھا؛ اس کو چینلوں کے وقت کا ایندھن بنانے کے لئے غیر ضروری طوالت کا شکار کر دیا گیا ہے۔ چھوٹی سے چھوٹی بات کو بھی ربڑ کی طرح کھینچ کر لمبی کرنے کی کوششوں سے عوام میں بوریت کا عنصر پیدا ہونے لگا ہے۔ غرض کئی بار ایک اچھا سبق آموز ڈرامہ بھی یونہی بوریت کے پردے میں لپٹ کر عوام کے ذہنوں پر نقش نہیں ہو سکا۔ پھر یہ ڈرامے اور ان کے مصنف عوامی مسائل سے نکل کر ایک پرتعیش زندگی دکھانے کی دوڑ میں لگ گئے ہیں۔ جس سے معاشرے میں عدم برداشت اور غیر سکونی نے جنم لے لیا ہے۔

پہلے ڈراموں میں جہاں قناعت کا سبق سکھایا جاتا تھا؛ وہاں اب حرص و ہوس کے سبق نے اپنی جگہ بنالی ہے۔ ہر جائز ناجائز طریقے سے دولت کا حصول ہی مقصد حیات بنا دیا گیا ہے۔ غیر ضروری پرتعیش چیزوں کی نمائش کی جانے لگی ہے۔ اشتہاری کمپنیوں کے آلہ کار بن کر اس تہذیب کو فروغ دینے کی کوششیں ہو رہی ہیں جو ہمارے معاشرے کے اقدار مخالف رہی ہیں۔ اس سب صورتحال میں معاشرہ اب آہستہ آہستہ بگاڑ کا شکار ہونے لگا۔ حکومت نے ان تمام باتوں پر نظر رکھنے کے لئے ایک ادارہ 'پیمرا' کی بھی تشکیل دی ہے، تاکہ اس طرف مکمل دھیان رہے؛ لیکن شاید بڑی مچھلیوں پر ہاتھ ڈالنا ان کے لئے ایک مشکل کام ہے۔ بڑی مچھلیاں آسانی سے یہ جالا توڑنے میں کامیاب نظر آ رہی ہیں۔ پہلے کسی کو سگریٹ پیتے دکھانے پر ایک وارننگ نظر آ جاتی تھی، 'سگریٹ نوشی صحت کے لئے مضر ہے'۔ مگر اب تو وقت ایسا بدلا ہے کہ سگریٹ سے آگے شراب نوشی بھی دکھائی جانے لگی ہے، ایک ہلکی سی کسی کونے میں تحریر پر یہ لکھا نظر آنے لگا ہے، 'شراب نوشی حرام ہے'۔ مزید دیدہ دلیری بڑھتی جا رہی ہیں، ڈانس پارٹیاں اور غیر اخلاقی مناظر کی بھرمار کرنے کی کوشش میں ان ڈراموں کے ذریعے نئی نسل کو بگاڑنے کا مکمل انتظام کیا جا رہا ہے۔

حساس مذہبی موضوعات کو بغیر آگاہی ڈنکے کی چوٹ پر زیر بحث بنایا جا رہا ہے۔ جس پر نا صرف پیمرا بلکہ ذمہ دار احباب بھی لمبی تان کر سو رہے ہیں۔ ہر سچ دکھانے کے لئے مختلف ذرائع ہوا کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ فلم کے موضوعات ڈراموں میں نہیں دکھائے جاتے۔ یہ موضوعات اگر فلم بین بڑی اسکرین پر دیکھیں گے تو وہاں اس فلم کو دیکھنے کے لئے عمر کی حد مقرر کی جا سکتی ہے؛ مگر ڈرائنگ روم میں لگی ٹی وی کی اسکرین کو دیکھنے کے لئے حد کون مقرر کر کے روک سکتا ہے؟ وہاں صرف ان نشریاتی اداروں کا ضمیر، یا حکومت وقت کے اقدامات ہی درست راہ متعین کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

پٹرول ریلیف عوام دوست حکومتی پالیسی کا روشن باب

اعجاز علی ساغر

وزیراعظم کی جانب سے موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان عوامی مشکلات کے ادراک اور معاشی دباؤ میں گھرے شہریوں کیلئے ایک قابلِ تحسین اقدام ہے مہنگائی کے موجودہ دور میں جب آمدن اور اخراجات کے درمیان توازن قائم رکھنا عام آدمی کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے ایسے میں حکومت کی طرف سے براہِ راست سفری اخراجات میں کمی کا فیصلہ عوامی فلاح کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جاسکتا ہے پاکستان میں موٹر سائیکل محض سواری کا ذریعہ نہیں بلکہ لاکھوں خاندانوں کے روزگار، تعلیم، علاج اور روزمرہ ضروریات سے جڑا ہوا وسیلہ ہے اسی طرح رکشہ ڈرائیور اپنی محنت سے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالتے ہیں۔ چھوٹی گاڑیوں کے مالکان بھی عموماً متوسط اور نچلے متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ پٹرول کی قیمت میں کمی ان طبقات کیلئے محض ایک مالی سہولت نہیں بلکہ روزمرہ زندگی میں کچھ آسانی پیدا کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے سرکاری خدمات ڈھونڈیں حکومتیں صرف بڑے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں بلکہ عام شہری کی مشکلات کم کرنے کے عملی اقدامات سے بھی اپنی کارکردگی ثابت کرتی ہیں۔ وزیراعظم کا یہ اعلان اسی سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ ریاستی پالیسیوں کا مرکز عوام ہونا چاہیے پٹرول ریلیف کا دائرہ ان سواریوں تک محدود رکھنا جو عام شہریوں اور محنت کش طبقے کے استعمال میں زیادہ ہیں وسائل کو نسبتاً زیادہ ضرورت مند طبقات تک پہنچانے کی ایک قابلِ غور حکمت عملی ہے

اگر اس اعلان پر مؤثر اور شفاف انداز میں عمل درآمد ہوتا ہے تو موٹر سائیکل سوار ملازمین، طلبہ، چھوٹے کاروباری افراد، رکشہ ڈرائیوروں اور کم آمدن والے خاندانوں کو اپنے ماہانہ بجٹ میں کچھ گنجائش پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کیلئے یہ احساس بھی اہم ہے کہ حکومت ان کی مشکلات کو نظرانداز نہیں کررہی۔

پٹرول کی قیمت میں کمی کے اثرات صرف صارف تک محدود نہیں رہتے رکشہ ڈرائیور کے سفری اخراجات کم ہوں تو اس کی روزانہ آمدن میں کچھ بہتری کا امکان پیدا ہوتا ہے چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد کیلئے نقل و حمل کی لاگت میں کمی کاروباری سرگرمیوں کو سہارا دے سکتی ہے شہریوں کیلئے کام کی جگہ، بازار، تعلیمی اداروں اور علاج گاہوں تک رسائی بھی نسبتاً آسان ہوسکتی ہے۔

تاہم اس ریلیف کا حقیقی فائدہ اسی وقت مکمل طور پر عوام تک پہنچے گا جب پٹرول کی قیمت میں کمی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور دیگر متعلقہ اخراجات پر بھی مؤثر نگرانی کی جائے حکومت کو اس امر کو یقینی بنانا ہوگا کہ ریلیف کا فائدہ محض کاغذی اعلان نہ رہے بلکہ عام شہری کی جیب میں محسوس ہو۔

موجودہ معاشی حالات میں حکومت کیلئے عوام کو ریلیف دینا اور قومی خزانے پر دباؤ کو متوازن رکھنا ایک مشکل ذمہ داری ہے۔ پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت کا اعلان اگر مالی طور پر پائیدار بنیادوں پر نافذ کیا جاتا ہے تو یہ حکومت کی معاشی ترجیحات میں عوامی بہبود کو اہمیت دینے کی علامت بن سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ضروری ہے کہ حکومت ریلیف پروگرام کیلئے واضح اہلیت، شفاف طریقہ کار اور مؤثر نگرانی کا نظام وضع کرے۔

موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے حقیقی مستحق صارفین تک فائدہ پہنچانے کیلئے شناخت اور تقسیم کے نظام میں شفافیت ناگزیر ہے اسی طرح پٹرول پمپس پر کسی بھی قسم کی ناجائز کٹوتی، اضافی وصولی یا بدعنوانی کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات ہونے چاہییں۔

وزیراعظم کا یہ اعلان حکومت کے اس عزم کی ترجمانی کرتا ہے کہ معاشی ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جائیں عوام دوست حکومت وہی ہوتی ہے جو معاشی مشکلات کو محض اعداد و شمار کے ذریعے نہیں بلکہ شہریوں کی حقیقی زندگی کے تناظر میں دیکھے پٹرول ریلیف اسی عوامی احساس کا ایک اہم اظہار ہے۔

اب حکومت کیلئے اگلا مرحلہ اس اعلان کو مؤثر پالیسی میں تبدیل کرنا ہے اگر ریلیف بروقت، شفاف اور بلاامتیاز مستحق طبقات تک پہنچتا ہے تو اس سے عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا اس کے ساتھ حکومت کو روزگار کے مواقع، بجلی و گیس کے اخراجات میں کمی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام اور چھوٹے کاروباروں کی معاونت کیلئے بھی مسلسل اقدامات جاری رکھنے چاہییں۔

حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ عملی کارکردگی سے مضبوط ہوتا ہے وزیراعظم کا پٹرول ریلیف اعلان اس حوالے سے ایک مثبت موقع فراہم کرتا ہے عوام کو ریلیف دینا کسی بھی حکومت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے اور جب یہ ریلیف براہِ راست محنت کشوں، طلبہ، ملازمین اور متوسط طبقے کی ضروریات سے جڑا ہو تو اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اس اقدام کو وسیع تر عوامی فلاحی پالیسی کا حصہ بنائے محض اعلان کافی نہیں بلکہ اس کے ثمرات عوام تک پہنچانا اصل کامیابی ہوگی۔

اگر حکومت شفافیت، نگرانی اور تسلسل کے ساتھ اس پروگرام پر عمل درآمد یقینی بناتی ہے تو یہ فیصلہ عوامی مشکلات کم کرنے اور حکومت کی عوام دوست ساکھ مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

وزیراعظم کی جانب سے موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان ایک ایسا اقدام ہے جسے عوامی سہولت کے تناظر میں سراہا جانا چاہیے۔

تعلیم اور مہارت - کامیابی کے 2 ستون

ڈاکٹر ناصر خان

انسانی تاریخ کا سب سے بڑا سبق یہ ہے کہ دنیا میں آنے والی ہر پائیدار تبدیلی کے پیچھے علم، شعور اور تعلیم کا بنیادی کردار موجود رہا ہے۔ اگر آج کا انسان جدید دنیا میں زندگی گزار رہا ہے، اگر بیماریوں کا علاج ممکن ہے، اگر انسان خلا تک پہنچ چکا ہے، اگر دنیا ایک دوسرے سے چند لمحوں میں رابطہ کر سکتی ہے، اگر صنعتیں، ٹیکنالوجی، زراعت اور معیشت ترقی کے نئے مراحل طے کر رہی ہیں تو ان تمام کامیابیوں کی بنیاد تعلیم ہے۔ تعلیم وہ واحد ہتھیار ہے جس نے نہ صرف انسان کی زندگی بدل دی بلکہ پوری دنیا کی شکل و صورت تبدیل کر دی۔ کہا جاتا ہے کہ انسان کے ہاتھ میں سب سے طاقتور ہتھیار تلوار نہیں بلکہ وہ علم ہے جو اسے تلوار کے استعمال کا مقصد سمجھاتا ہے۔ یہی علم انسان کو تباہی اور تعمیر کے درمیان فرق سمجھنے کی صلاحیت دیتا ہے۔ طاقت وقتی طور پر دنیا کو فتح کر سکتی ہے، لیکن تعلیم انسان کو ہمیشہ کیلئے بہتر مستقبل بنانے کا راستہ دکھاتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جنگوں نے سلطنتیں تو ختم کیں، لیکن تعلیم نے تہذیبیں تعمیر کیں۔ جنگوں کے بعد شہر دوبارہ آباد ہو سکتے ہیں، عمارتیں دوبارہ تعمیر ہوسکتی ہیں، لیکن اگر علم کا چراغ بجھ جائے تو معاشرے دوبارہ اندھیروں میں چلے جاتے ہیں۔ عمارتیں وقت کے ساتھ پرانی ہو جاتی ہیں، لیکن علم نسل در نسل منتقل ہوتا رہتا ہے۔ ایک کتاب، ایک تحقیق اور ایک نئی سوچ کئی صدیوں تک انسانیت کی رہنمائی کر سکتی ہے۔ اگر ہم انسانی تاریخ کے ابتدائی ادوار پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان کی زندگی انتہائی مشکلات سے بھری ہوئی تھی۔ بیماریوں، بھوک، قدرتی آفات، کم علمی اور محدود وسائل نے انسان کو مسلسل چیلنج کیا۔ ماضی کے ادوار میں انسان کی اوسط عمر آج کے مقابلے میں بہت کم تھی۔ معمولی بیماری بھی موت کا سبب بن جاتی تھی کیونکہ انسان کے پاس بیماریوں کی وجوہات، علاج اور حفاظتی تدابیر کے بارے میں علم موجود نہیں تھا۔

ایک وقت تھا جب وبائی بیماریاں پوری آبادیوں کو ختم کر دیتی تھیں، جب ایک معمولی زخم بھی جان لیوا ثابت ہوسکتا تھا، اور جب انسان بیماری کو قسمت کا فیصلہ سمجھ کر قبول کر لیتا تھا۔ لیکن جب انسان نے تعلیم، تحقیق اور سائنسی سوچ کا راستہ اختیار کیا تو حالات بدلنا شروع ہوئے۔ طبی تعلیم نے دنیا کو وہ طاقت دی جس کے ذریعے انسان نے بیماریوں کو سمجھنا شروع کیا۔ ڈاکٹروں، سائنس دانوں اور محققین نے جسم انسانی کے نظام، بیماریوں کی وجوہات اور علاج کے طریقوں پر تحقیق کی۔ ویکسین کی ایجاد، جدید ادویات کی تیاری، سرجری کے نئے طریقے، جدید تشخیصی مشینیں اور صحت کے بہتر نظام سب تعلیم اور تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

آج اگر انسان زیادہ طویل زندگی گزار رہا ہے تو اس کے پیچھے صرف وقت کا گزرنا نہیں بلکہ علم کا سفر ہے۔ جہاں بیماری کے سامنے انسان بے بس تھا، وہاں علم نے اسے امید دی؛ جہاں موت کا خوف تھا، وہاں تحقیق نے زندگی کے امکانات پیدا کیے۔ یہ حقیقت اس بات کا ثبوت ہے کہ تعلیم صرف کتابوں تک محدود نہیں بلکہ انسانی زندگی کو بہتر بنانے کی سب سے بڑی قوت ہے۔ اسی طرح زراعت کے میدان میں ہونے والی ترقی بھی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں تھی۔ کبھی انسان روایتی طریقوں سے محدود پیداوار حاصل کرتا تھا اور خوراک کی کمی ایک بڑا مسئلہ تھی۔ فصلوں کی ناکامی اکثر قحط اور بھوک کا سبب بنتی تھی۔ لیکن زرعی تعلیم، سائنسی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی نے زراعت کو ایک مکمل سائنس بنا دیا۔ بہتر بیج، جدید آبپاشی کے نظام، زرعی مشینری، موسمی تبدیلیوں کی پیش گوئی اور فصلوں کے تحفظ کے طریقوں نے دنیا کو غذائی بحرانوں سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ حقیقت یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ بھوک کا علاج صرف خوراک نہیں بلکہ وہ علم بھی ہے جو خوراک پیدا کرنے کا طریقہ سکھاتا ہے۔

صنعتی ترقی کی بنیاد بھی تعلیم ہی ہے۔ صنعتی انقلاب کوئی اچانک واقعہ نہیں تھا بلکہ یہ صدیوں کی علمی محنت، تحقیق اور تجربات کا نتیجہ تھا۔ فزکس، کیمسٹری، ریاضی، انجینئرنگ اور دیگر سائنسی علوم نے انسان کو وہ صلاحیت دی جس کے ذریعے اس نے مشینیں بنائیں، توانائی کے نئے ذرائع دریافت کیے اور پیداوار کے جدید طریقے متعارف کروائے۔ آج دنیا میں موجود کارخانے، گاڑیاں، ہوائی جہاز، کمپیوٹر، موبائل فون اور جدید مواصلاتی نظام سب تعلیم یافتہ ذہنوں کی تخلیق ہیں۔ ہر مشین کے پیچھے کسی انسان کا ذہن ہوتا ہے، اور ہر ذہن کی تعمیر کے پیچھے تعلیم کا کردار ہوتا ہے۔ دنیا کی ہر بڑی ایجاد پہلے کسی انسان کے ذہن میں ایک خیال کی صورت میں پیدا ہوئی، اور پھر تعلیم و تحقیق کے ذریعے حقیقت بنی۔

تعلیم نے صرف مادی ترقی نہیں کی بلکہ انسان کے سوچنے کے انداز کو بھی تبدیل کیا ہے۔ قدیم زمانوں میں جہالت کی وجہ سے تعصبات، نفرت، ظلم اور غیر منصفانہ رویے عام تھے۔ تعلیم نے انسان کو دلیل، برداشت اور مکالمے کا راستہ دکھایا۔ ایک تعلیم یافتہ انسان صرف معلومات حاصل نہیں کرتا بلکہ وہ چیزوں کو سمجھنے، سوال کرنے اور بہتر فیصلے کرنے کی صلاحیت حاصل کرتا ہے۔ یہی صلاحیت معاشروں کو مہذب بناتی ہے۔ دنیا میں انسانی حقوق، انصاف، جمہوری اقدار اور سماجی برابری کے تصورات کے فروغ میں بھی تعلیم کا اہم کردار ہے۔ جب انسان تعلیم حاصل کرتا ہے تو اسے اپنے حقوق کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق کا بھی شعور حاصل ہوتا ہے۔

بلوچستان آبزرور

عالمی معیشت

چین کی مشرقِ وسطیٰ میں پیش قدمی، تجارت، توانائی اور کثیر قطبیت کا نیا محاذ

میاں منیر احمد

چینی رہنما شی جن پنگ پوری دنیا میں متحرک سفارتی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ کے سیاسی حالات کو مستقبل میں چین کے لیے سازگار بنانے اور دوست معاشی منڈیاں تلاش کرنے کے ضمن میں وہ مصر پہنچے ہیں۔ ایک دہائی میں یہ ان کا پہلا دورۂ مصر تھا، جو دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر کیا گیا۔ مصری صدر عبدالفتاح السیسی کے ساتھ ملاقات کے دوران شی جن پنگ نے مشرقِ وسطیٰ کی ریاستوں پر زور دیا کہ وہ اپنی قسمت کی خود مالک بنیں، بیرونی مداخلت کے خلاف مزاحمت کریں اور علاقائی سلامتی کے ایک نئے باہمی ڈھانچے پر غور کریں۔ اسی تناظر میں بیجنگ اور قاہرہ نے سلامتی اور انسدادِ دہشت گردی کے شعبوں میں تعاون مزید گہرا کرنے، ڈیٹا سینٹرز، سیمی کنڈکٹرز اور اہم معدنیات کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے تیار کرنے اور دوطرفہ تجارت میں قومی کرنسیوں کے استعمال کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔

مشرقِ وسطیٰ میں یہ ایک اہم سیاسی اور معاشی پیش رفت ہے۔ اس کے ذریعے دونوں ممالک اپنے تعلقات کو روایتی تجارت اور بنیادی ڈھانچے سے آگے بڑھا کر ایسے شعبوں تک لے جا رہے ہیں جو آنے والی دہائیوں میں اقتصادی خود مختاری کی سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

یہ دورہ بنیادی طور پر اس تصور کو آگے بڑھا رہا ہے کہ ترقی، ریاستی خود مختاری اور منصفانہ عالمی حکمرانی کے ایجنڈے کے تحت بیجنگ تیزی سے خود کو عالمی اکثریت اور گلوبل ساؤتھ کے لیے ایک آواز کے طور پر پیش کر رہا ہے۔ گلوبل ساؤتھ کے بہت سے ممالک آج کے عدم استحکام کو مغربی تسلط، امریکی پابندیوں اور طاقت کے ذریعے مختلف خطوں کو اپنے مفادات کے مطابق ازسرِ نو ترتیب دینے کی دہائیوں پر محیط کوششوں سے جوڑتے ہیں۔

بلاشبہ مشرقِ وسطیٰ میں جنگوں، حکومتوں کی تبدیلی کی مہمات، معاشی ناکہ بندیوں اور ریاستوں کو ''قابلِ قبول'' اور ''ناقابلِ قبول'' کی تقسیم میں بانٹنے کی پالیسیوں نے نہ تو خطے میں دیرپا امن لانے میں مدد دی ہے اور نہ ہی خوش حالی کا راستہ ہموار کیا ہے۔ اس کے بجائے بیرونی انحصار نے مشرقِ وسطیٰ کو دائمی تصادم کا علاقہ بنا دیا ہے، جس کے باعث یہ خطہ مسلسل علاقائی کمزوری کا منظر پیش کر رہا ہے۔

چین دنیا بھر میں اپنے سفارتی تعلقات کو ترقی کے ایجنڈے کے ساتھ جوڑ کر دیکھتا ہے اور اس کے لیے باہمی مفادات پر مبنی مختلف ماڈل پیش کرتا ہے۔ یہ ماڈل بنیادی ڈھانچے، تجارت، سرمایہ کاری اور ہر ریاست کے اس حق کے گرد تشکیل پاتے ہیں کہ وہ اپنے شراکت داروں اور ترقی کے راستے کا انتخاب خود کرے۔ تاہم چین یہ کام محض خیراتی جذبے کے تحت نہیں کر رہا۔ اس کی پالیسیاں دنیا کی سب سے بڑی صنعتی معیشت کے مفادات کو بھی پورا کرتی ہیں، جیسے برآمدی منڈیوں، محفوظ ٹرانسپورٹ کوریڈورز اور خام مال تک قابلِ اعتماد رسائی کی ضرورت ہے۔ اس کے باوجود گلوبل ساؤتھ کے بہت سے ممالک چینی ماڈل کو مغربی نقطہ نظر کے مقابلے میں زیادہ پُرکشش سمجھتے ہیں، جہاں اکثر سیاسی شرائط، پابندیوں کی دھمکیاں اور ترجیحات کے بیرونی تعین کو قبول کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

چینی سرمایہ کاری قرض کے ساتھ ساتھ تکنیکی اور تجارتی انحصار بھی پیدا کرسکتی ہے، لیکن اس میں شاذ و نادر ہی کسی شراکت دار ملک کے داخلی نظام کی کھلی نگرانی شامل ہوتی ہے۔ یہی امتیاز چین کے لیے مختلف النوع حکومتوں کے ساتھ کام کرنے کی راہ ہموار کرتا ہے، جو خارجہ پالیسی اور داخلی معاملات میں زیادہ آزادی کی خواہاں ہیں۔ چینی رہنما کا دورۂ قاہرہ اس طرح کثیر قطبی عالمی نظام کے خواہاں ممالک کے ساتھ تعلقات مضبوط بنانے اور یک قطبی نظام کو برقرار رکھنے کی تباہ کن کوششوں کے مقابلے میں تعمیری باہمی انحصار قائم کرنے کی وسیع تر چینی حکمتِ عملی کا حصہ ہے۔ مصر اس حکمتِ عملی میں ایک خاص مقام رکھتا ہے کیوں کہ یہ بیک وقت ایک عرب، افریقی اور بحیرۂ روم کی طاقت ہے جو متعدد خطوں میں چین کی موجودگی کو مستحکم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

چین کے لیے مصر اسٹرے ٹیجک فوائد کا ایک نادر مجموعہ پیش کرتا ہے۔ 11 کروڑ سے زیادہ آبادی کے باعث اس کی ایک بڑی مقامی معاشی منڈی ہے۔ اس کے علاوہ نہر سوئز پر اس کا کنٹرول ہے، عرب دنیا میں اسے خاصا سیاسی وزن حاصل ہے اور یہ افریقی منڈیوں تک براہِ راست رسائی فراہم کرتا ہے۔

ایشیا اور یورپ کے درمیان اہم بحری تجارتی راستوں میں سے ایک راستہ نہر سوئز سے گزرتا ہے، جس کے باعث مصر کا استحکام چینی بیرونی تجارت کی سلامتی سے براہِ راست جڑا ہوا ہے۔ یوں قاہرہ مشرقِ وسطیٰ، بحیرۂ روم اور افریقہ کے درمیان ایک اہم پل کی حیثیت اختیار کر رہا ہے، جہاں چین مسلسل اپنا معاشی اور سیاسی اثر رسوخ بڑھا رہا ہے۔

دستیاب معلومات کے مطابق چین اور افریقہ کے درمیان تجارت 2025ء میں ریکارڈ 348 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، جب کہ بیجنگ کی جانب سے 53 افریقی ممالک سے درآمدات پر محصولات ختم کرنے کے اقدام نے بھی افریقہ میں چین کی اقتصادی پوزیشن کو مزید مضبوط کیا ہے۔ اسی لیے امریکا بھی افریقہ کی جانب دوبارہ توجہ مرکوز کر رہا ہے۔

چین کے لیے افریقہ کی اہمیت صرف معدنی وسائل تک محدود نہیں۔ اس براعظم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو سڑکوں، بجلی گھروں، بندرگاہوں، ٹیلی کمیونی کیشن اور صنعت کی ضرورت ہے اور یہ وہ شعبے ہیں جن میں چین وسیع صلاحیت رکھتا ہے۔ انفرااسٹرکچر اور صنعتی مراکز کی تعمیر کے ذریعے بیجنگ چینی کمپنیوں کے لیے نئی منڈیاں پیدا کر رہا ہے، طویل مدتی تجارتی تعلقات کو مستحکم کر رہا ہے اور اقتصادی موجودگی کو سیاسی سرمائے میں تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

مصر، خاص طور پر نہر سوئز اکنامک زون کی وجہ سے اہم ہے۔ مصری حکومت کے مطابق یہ زون پہلے ہی تقریباً 4 ارب ڈالر کی چینی سرمایہ کاری کو راغب کر چکا ہے۔ چینی کمپنیاں بندرگاہ اور ریلوے کی ترقی، نئے انتظامی دارالحکومت کی تعمیر، پائپ اور ٹائر کی تیاری، گرین انرجی کے منصوبوں اور سیٹلائٹ کی پیداوار سمیت مختلف شعبوں میں سرگرم ہیں۔

مصر میں چینی سرمایہ کاری کی مجموعی مالیت 10 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے، جب کہ 2025ء میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت 20.79 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔ صرف 2026ء کی پہلی ششماہی میں تجارت مزید 21.5 فیصد بڑھ کر 11.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئی۔ اسی عرصے کے دوران چین کی مصری برآمدات میں تقریباً تین گنا اضافہ ہوا، اگرچہ ان کی مجموعی مالیت، 840.8 ملین ڈالر، چین سے مصر جانے والی اشیا کے حجم کے مقابلے میں اب بھی بہت کم رہی۔ یہ عدم توازن دونوں ممالک کی شراکت داری میں موجود بنیادی اقتصادی تضاد کو ظاہر کرتا ہے۔ 2026ء کی پہلی ششماہی میں چین سے مصر کی درآمدات تقریباً 10.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔

قاہرہ محض چینی مصنوعات کی ایک منڈی بن کر نہیں رہ سکتا۔ اسے تیار شدہ سامان کی درآمد سے آگے بڑھتے ہوئے مقامی پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مصری کمپنیوں کو عالمی قدر کی زنجیروں میں ضم کرنے پر توجہ دینا ہوگی۔

اگر چینی صنعتی زونز اجزا کی مقامی تیاری، افرادی قوت کی تربیت اور افریقہ، عرب دنیا اور یورپ کو برآمدات کی حمایت کرتے ہیں تو یہ شراکت داری زیادہ متوازن ہوسکتی ہے۔ بصورتِ دیگر متاثر کن تجارتی اعداد و شمار غیر ملکی سپلائی پر بڑھتے ہوئے انحصار اور مسلسل تجارتی خسارے کو چھپاتے رہیں گے۔

چین کی موجودگی نے مصر کی خارجہ پالیسی میں مداخلت کی گنجائش کو وسعت دی ہے۔

قاہرہ ہر سال تقریباً 1.3 ارب ڈالر کی امریکی فوجی امداد حاصل کرتا ہے اور چین، روس اور برکس کے ساتھ تعلقات استوار کرتے ہوئے' واشنگٹن کے قریب بھی رہتا ہے۔ مصری پالیسی ساز صدر السیسی کے اس وژن کو ''تزویراتی توازن'' قرار دیتے ہیں، جو گلوبل ساؤتھ کے ساتھ شراکت داری کو متنوع بنانے اور مغربی قیادت والے نظام میں جونیئر حیثیت اختیار کرنے سے بچنے کی وسیع تر خواہش کی عکاسی کرتا ہے۔

چین اس انتخاب کو آگے بڑھانے کے لیے بہت کچھ کرنے کو تیار ہے، کیوں کہ ہر صنعتی منصوبہ، لاجسٹکس ٹرمینل اور یوآن میں ہونے والا لین دین کثیر قطبیت کے تصور کو ایک نعرے سے نکال کر مادی حقیقت میں تبدیل کر رہا ہے۔

چین کے لیے مشرقِ وسطیٰ کی اہمیت کا واضح اظہار ایک نئے جہاں کی تشکیل کی بنیاد ہے۔ چین اور عرب ریاستوں کے درمیان 2024ء میں تجارت 407.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، جس میں چینی برآمدات 206 ارب ڈالر اور درآمدات 201.4 ارب ڈالر تھیں۔ اس بظاہر متوازن تجارت کے پسِ پردہ توانائی کا ایک اہم انحصار موجود ہے۔

2025ء میں مشرقِ وسطیٰ نے چین کی تیل کی درآمدات کا تقریباً 52 فیصد حصہ فراہم کیا۔ بیرونِ ملک سے خریدے گئے 3.6 ارب بیرل تیل میں سے تقریباً 1.9 ارب بیرل مشرقِ وسطیٰ سے آیا۔ خلیج کے 6 عرب سپلائرز نے چین کی مجموعی تیل درآمدات کا 42 فیصد فراہم کیا، جس میں سعودی عرب کا حصہ 14 فیصد، عراق کا 11 فیصد، متحدہ عرب امارات کا 7 فیصد اور عمان کا 6 فیصد تھا۔ یہ خطہ چین کی مائع قدرتی گیس کی درآمدات کا تقریباً ایک تہائی حصہ بھی فراہم کرتا ہے، جس میں زیادہ تر حصہ قطر کا ہے۔ لہٰذا بیجنگ میں بیٹھے چینی پالیسی ساز سمجھتے ہیں کہ چین کے لیے مشرقِ وسطیٰ میں استحکام محض ایک سفارتی ترجیح نہیں بلکہ ایک اقتصادی ضرورت بھی ہے۔ تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں صنعتی اور نقل و حمل کے اخراجات میں اضافہ کرتی ہیں، جب کہ آبنائے ہرمز کو لاحق کوئی بھی خطرہ بیک وقت کئی بڑے سپلائرز کو متاثر کرسکتا ہے۔

بحیرۂ احمر اور نہر سوئز بھی یکساں اہم ہیں۔ ان راستوں میں خلل کے باعث بحری جہازوں کو افریقہ کے گرد طویل راستہ اختیار کرنا پڑتا ہے، جس سے ترسیل کا وقت بڑھ جاتا ہے اور بالخصوص چین اور یورپ کے درمیان تجارت کے لیے بیمہ اور نقل و حمل کی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے۔

بیجنگ اپنے توانائی کے سپلائرز کو متنوع بنا رہا ہے، پائپ لائنیں تعمیر کر رہا ہے، تزویراتی ذخائر بڑھا رہا ہے اور قابلِ تجدید توانائی کی جانب منتقلی تیز کر رہا ہے، لیکن وہ بھاری اخراجات کے بغیر مشرقِ وسطیٰ سے حاصل ہونے والی توانائی کی سپلائی کو تیزی سے متبادل ذرائع سے تبدیل نہیں کرسکتا۔

اس اہم پیش رفت میں ایران کی اپنی ایک خاص اہمیت ہے۔ عالمی تجارتی تجزیہ کرنے والی کمپنی کیپلر (Kpler) کے اندازوں کے مطابق چین نے 2025ء میں تقریباً 1.38 ملین بیرل یومیہ ایرانی تیل درآمد کیا، جو اس کی مجموعی تیل درآمدات کا تقریباً 12 فیصد بنتا ہے۔ تقریباً 8 سے 10 ڈالر فی بیرل رعایت پر فروخت ہونے والا ایرانی خام تیل چینی صنعت کے لیے ایک پُرکشش ذریعہ ہے، جب کہ چین کی جانب سے اس تیل کی خریداری پابندیوں کے شکار ایرانی اقتصادی نظام کو بھی اہم سہارا فراہم کرتی ہے۔

اس کے باوجود سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات مجموعی تجارت کے اعتبار سے چین کے لیے کہیں زیادہ اہم ہیں۔ 2025ء? میں دونوں ممالک کے ساتھ چین کی تجارت تقریباً 108 ارب ڈالر فی ملک تک پہنچ گئی، جب کہ ایران کے ساتھ تجارت کا حجم تقریباً 41 ارب ڈالر رہا۔ اگر غیر ریکارڈ شدہ تیل کی ترسیلات کو بھی شامل کیا جائے تو یہ اعداد و شمار خاصے مختلف ہوسکتے ہیں۔

بیجنگ تہران کے ساتھ اپنی تزویراتی شراکت داری برقرار رکھتا ہے، جب کہ چین کی دوست معاشی منڈیوں کی تلاش کی حکمتِ عملی پاکستان کو بھی فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ چین اور پاکستان فلسطین کے معاملے پر بھی بڑی حد تک یکساں مؤقف رکھتے ہیں۔ بیجنگ پاکستان کے ساتھ غیر معمولی طور پر قریبی تعلقات کے ساتھ ساتھ خلیجی بادشاہتوں کے ساتھ اپنے روابط کو بھی وسعت دے رہا ہے اور فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کرتا ہے، تاہم وہ ایسے وعدوں سے گریز کرتا ہے جو اسے براہِ راست کسی علاقائی جنگ میں دھکیل دیں۔

چینی سفارت کاری بیرونی فوجی دباؤ اور یک طرفہ پابندیوں کی مخالفت میں ایران کے ساتھ کھڑی نظر آتی ہے، جب کہ آزاد فلسطینی ریاست کی حمایت میں عرب اکثریت کے مؤقف کے بھی قریب ہے۔ چین نے امریکا اور اسرائیل کے خلاف تہران کے دفاع کے لیے نہ تو فوج بھیجی ہے اور نہ ہی ایران کے ساتھ اپنے تعلقات کو فوجی اتحاد میں تبدیل کیا ہے۔ اس نے سفارت کاری اور تجارت دونوں کو ترجیح دی ہے اور امریکی پابندیوں کو تسلیم نہیں کیا۔

چین کسی ایک علاقائی طاقت کو مشرقِ وسطیٰ میں فاتح کے طور پر نہیں دیکھنا چاہتا۔ اس کی خواہش ایسا توازن قائم کرنے کی ہے جو تجارت کو محفوظ رکھے، سمندری راستوں کو کھلا رکھے اور ساتھ ہی کسی بیرونی طاقت کو خطے کے مستقبل کا فیصلہ کرنے سے روکے۔

شی جن پنگ نے مصر میں مشرقِ وسطیٰ کی ریاستوں پر زور دیا کہ وہ اپنے خطے کے مستقبل کا تعین خود کریں اور بیرونی مداخلت کو محدود کریں۔ حالیہ واقعات نے امریکی سلامتی کی ضمانتوں پر ضرورت سے زیادہ انحصار کے خطرات کو بھی نمایاں کیا ہے، کیوں کہ امریکا اپنی وسیع فوجی موجودگی اور طاقت کے نیٹ ورک کے باوجود خطے میں پائیدار امن قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔

ابھی حال ہی میں 7 اگست کو سعودی عرب، ترکی اور پاکستان نے مکہ کے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں، جس میں زیادہ خود مختاری کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔ معاہدے کے تحت ''ایک رکن پر مسلح حملے کو تمام ارکان پر حملہ تصور کیا جائے گا۔'' اگرچہ اس کے عملی طریقہ کار کی تفصیلات واضح نہیں کی گئی ہیں۔ مصر کی ممکنہ شمولیت اس گروپ کو سیاسی اور عسکری اعتبار سے کہیں زیادہ وزن دے سکتی ہے۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

کراپ سائنس پاکستان کے خلاف دائر سول پٹیشن خارج کرتے ہوئے ہائی کورٹ سندھ کے فیصلے کو برقرار رکھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ہتک عزت کے دعوے کی بنیاد کسی توہین آمیز بیان یا الزام کی تیسرے شخص تک اشاعت ہے اور مدعی کو یہ بھی ثابت کرنا ہوتا ہے کہ مبینہ اشاعت کا ذمہ دار مدعا علیہ تھا۔ صرف اخبارات میں فوجداری کارروائی سے متعلق خبر شائع ہوجانے کی بنیاد پر کسی فریق کو ہتک عزت کا ذمہ دار قرار نہیں دیا جاسکتا۔ فیصلے کے مطابق درخواست گزاروں نے دعوی کیا تھا کہ 16 جولائی 2008 کو ان کی زرعی ادویات کی دکان پر چھاپہ مارا گیا، کیڑے مار ادویات ضبط کی گئیں اور جعلی ادویات فروخت کرنے کے الزام میں ایف آئی آر درج کی گئی۔ درخواست گزاروں کے مطابق بعد میں حیدرآباد کی کیڑے مار ادویات کے معیار کی جانچ کرنے والی لیبارٹری نے نمونے اصلی قرار دیئے اور ایف آئی آر سی کلاس میں ختم کردی گئی۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ درخواست گزار نہ ٹرائل کورٹ اور نہ ہی ہائی کورٹ کے سامنے شواہد کے ذریعے یہ ثابت کرسکے کہ اخباری رپورٹس کی اشاعت میں مدعا علیہان کا کوئی کردار تھا۔ متعلقہ اخبارات کے ایڈیٹرز، ناشرین یا نمائندوں کو بھی فریق نہیں بنایا گیا اور نہ ہی ان کا بطور گواہ معائنہ کیا گیا

بقیہ 2

اداروں کو کفایت شعاری اقدامات پر مؤثر اور فوری عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں حکومتی اخراجات میں کمی، ایندھن کے تحفظ اور سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال کیلئے اضافی کفایت شعاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری گاڑیوں کیلئے ایندھن میں تین ماہ کیلئے 50 فیصد کمی کے اقدام پر عملدرآمد کی منظوری دی گئی۔ ایمبولینسز، فائر بریگیڈ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضروری خدمات کی گاڑیاں اس اقدام سے مستثنیٰ ہوں گی، جبکہ انتظامی یا غیر آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں کیلئے استثنیٰ کی اجازت نہیں ہوگی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی، سرکاری سطح پر ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی اور آئی ٹی سے متعلق خریداری کے علاوہ تمام پائیدار اشیاء کی خریداری پر بھی پابندی عائد کردی گئی۔ تین ماہ کیلئے سرکاری دوروں اور بیرون ملک سفری سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی، ناگزیر بیرون ملک دوروں کی صورت میں وزراء، مشیران، وزرائے مملکت، معاونین خصوصی اور سرکاری افسران اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔ اجلاس میں سرکاری امور کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ اور ٹیلی کانفرنسنگ کے زیادہ سے زیادہ استعمال، سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی، سوائے غیر ملکی وفود کے اعزاز میں ضروری عشائیوں اور حکومت کے زیر اہتمام سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگراموں اور کانفرنسوں کے انعقاد میں غیر ضروری اخراجات سے گریز کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں سنگل ڈش کے اقدام پر بھی عملدرآمد جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ دکانیں، مارکیٹس، شاپنگ مالز، بازار اور دیگر عمومی کاروباری مراکز رات 9 بجے جبکہ شادی ہالز اور دیگر تقریبات کے مقامات رات 10 بجے تک بند ہوں گے۔ ریسٹوران، کیفے، کھانے پینے کے مراکز اور اسٹینڈ الون فروٹ وسبزی کی دکانوں کیلئے بندش کا وقت رات 11 بجے مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ فارمیسیز، طبی مراکز، ہسپتال، بیکریاں، پیٹرول وسی این جی اسٹیشنز، الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز، جم، کھیلوں کی سہولیات، آئی ٹی کمپنیوں اور کال سینٹرز کو اوقات کار کی پابندیوں سے استثنیٰ دے دیا گیا

بقیہ 3

کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 4

ہوئے کہا ہے کہ فیس کی رقم براہ راست سرکاری اکاؤنٹ میں جاتی ہے، کوئی فرد نقد رقم وصول نہیں کرتا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ وزارت خارجہ میں روزانہ 17 سے 18 ہزار دستاویزات کی تصدیق ہوتی ہے، اپوسٹیل نظام سے دستاویزات کی تصدیق کیلئے شہریوں کے وقت اور اخراجات میں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاغذات کی تصدیق کی فیس آن لائن ادا کی جاتی ہے، رقم کوئی فرد وصول نہیں کرتا۔ تصدیق شدہ دستاویزات کا اجرا بھی ڈیجیٹل طریقے سے ہوتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ گزشتہ ایک سال سے بیرون ملک بیٹھا فرد بھی اپنی دستاویزات کی ڈیجیٹل تصدیق کروا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ ای سی اور دیگر اداروں کے ساتھ ڈیجیٹل انضمام کے باعث دستاویزات کی تصدیق کا عمل مزید آسان ہوگیا ہے۔

بقیہ 5

لئے آئندہ دس برس تک درست سمت میں مسلسل کام کرنا ہوگا۔ وہ جمعرات کو وفاقی دارالحکومت میں پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کی ڈیجیٹل سروسز کی لانچنگ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب وفاقی بورڈ برائے ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیم (ایف بی آئی ایس ای) کے آڈیٹوریم، سیکٹر ایچ 8/4- میں منعقد ہوئی۔ وفاقی وزیر نے پیرا کی جانب سے نجی تعلیمی اداروں کے لئے ڈیجیٹل سروسز کے اجرا کو اہم اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید دور میں سرکاری ونجی اداروں کی خدمات کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان محض ایک ملک نہیں بلکہ اس کے قیام کے پیچھے ایک مقصد بھی ہے اور اسے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ترقی کی جانب آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ان برسوں میں اس مقام پر ہونا چاہیے تھا جہاں وہ ملت اسلامیہ کے لئے ایک ماڈل کی حیثیت رکھتا تاہم اب بھی درست سمت میں سنجیدہ اور مسلسل اقدامات کے ذریعے ترقی کا سفر تیز کیا جاسکتا ہے، اگر اگلے دس برس صحیح سمت میں کام کیا جائے تو ملک ترقی کرسکتا ہے

بقیہ 6

کی جگہ عاصم افتخار یہ عہدہ سنبھالیں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اپنی ہفتہ وار پریس بریفنگ میں اعلان کیا کہ سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کی خدمات کو سراہتے ہیں جو تین دہائیوں سے پاکستان کی خدمت کے اپنے سفر کے اختتام کے بعد جمعرات کو اپنا سفارتی کیریئر مکمل کر کے سبکدوش ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی شاندار مدت ملازمت کے دوران سفیر آمنہ بلوچ نے اپنے پیشہ ورانہ رویے، عزم اور مثالی قیادت کے ذریعے پاکستان کی خارجہ پالیسی اور سفارتی خدمت میں قیمتی خدمات انجام دی ہیں۔ سفیر آمنہ بلوچ نے 11 ستمبر 2024 کو پاکستان کے 33 ویں سیکرٹری خارجہ کا عہدہ سنبھالا تھا۔ ان کی آخری تقرری مئی 2023 سے ستمبر 2024 تک بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین میں پاکستان کی سفیر کے طور پر تھی۔ اس سے قبل وہ 2019 سے 2023 تک ملائیشیا میں پاکستان کی ہائی کمشنر اور 2014 سے 2017 تک چین کے چینگدو میں قونصل جنرل رہ چکی ہیں۔ سفیر آمنہ بلوچ نے 1991 میں وزارت خارجہ میں شمولیت اختیار کی۔ وزارت کے ہیڈکوارٹر پر انہوں نے سیاسی، انتظامی اور پروٹوکول ڈویژنز میں مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیں۔

بقیہ 7

چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم شہباز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان دو طرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور نجی شعبوں میں تعاون بڑھانے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان بھی موجود تھے۔ چوہدری آصف محمود نے وزیراعظم کو جاپان میں مقیم پاکستانی برادری کی خدمات، دونوں ممالک کے کاروباری حلقوں کے درمیان روابط اور دو طرفہ تجارت میں اضافے کے امکانات سے آگاہ کیا

بقیہ 8

20 سے زائد زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ گزشتہ روز غزہ سٹی کے الشاطی کیمپ میں ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنائے جانے سے 12 فلسطینی جاں بحق، تقریباً 40 زخمی اور متعدد لاپتا ہوئے۔

بقیہ 9

کے مطابق واقعے کی کڑیاں کچلاک میں 15 سالہ بچی کے قتل کے واقعے سے ملتی ہیں، جبکہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کیلئے بھی اقدامات جاری ہیں۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور مرکزی ملزم سمیت دیگر ممکنہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم سن بچی کے ساتھ پیش آنے والے واقعے میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، جبکہ واقعے میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ شاہد رند نے کہا کہ بچی کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کیلئے متعلقہ اداروں کو مؤثر اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے تمام حقائق کو قانون کے مطابق دیکھا جائے گا۔ معاملے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت بچوں کے تحفظ سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد کیلئے پرعزم ہے۔ کم سن بچوں کے حقوق اور تحفظ کے معاملے پر حکومت بلوچستان کی واضح اور دوٹوک پالیسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں انسداد کم عمری کی شادی کا قانون موجود ہے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 10

کی ادائیگی سٹیٹ بینک کے ذریعے 48 گھنٹوں میں اکاؤنٹس میں منتقل کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ پی پی ڈی اے کے مطابق حکومت ادائیگیوں کے طریقہ کار سے متعلق نوٹیفکیشن جلد جاری کرے گی، جبکہ وزیر پیٹرولیم نے آئندہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید بہتر بنانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت اور ڈیلرز کے درمیان اتفاق رائے کے بعد فیول ریلیف پیکج پر عملدرآمد کی راہ ہموار ہوگئی اور کئی روز سے جاری ڈیڈلاک ختم ہوگیا۔

بقیہ 11

ملبہ آبادی پر گرنے سے جانی نقصان ہوا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی سول ڈیفنس کے ترجمان نے بتایا کہ یہ واقعہ جمعرات کو طائف گورنری میں پیش آیا تھا جہاں حوثیوں کے ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کردیا گیا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ ڈرون کے یہ طائف شہر کے ٹکڑے مختلف مقامات پر گرے جس سے گھروں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا اور ایک یمنی شہری جاں بحق، دو افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان سعودی سول ڈیفنس نے بتایا کہ زخمیوں میں ایک سعودی خاتون اور ایک پاکستانی شہری شامل ہیں جنھیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پاکستانی شہری کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ سعودی حکام نے تصدیق کی یہ ڈرون حوثیوں کی جانب سے سرحدی علاقے سے لانچ کیا گیا تھا۔ ڈرون کا رخ طائف شہر کی طرف تھا لیکن سعودی فضائی دفاع نے اسے ہدف تک پہنچنے سے قبل ہی روک دیا۔ انھوں نے بتایا کہ فضا میں ڈرون تباہ ہوگیا لیکن اس کے ٹکڑے شہری آبادی میں گرنے کے باعث جانی ومالی نقصان ہوا۔

بقیہ 12

دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا، جس میں 14.5mm گن کے 900 راؤنڈز، 15 کلوگرام وزنی 3 آئی ای ڈیز، 4 RPG راؤنڈز اور LMG کے 403 راؤنڈز شامل ہیں۔ برآمد شدہ گولہ بارود نہتے بلوچ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اور آئی ای ڈیز میں استعمال ہونا تھا۔ واضح رہے کہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ III کے تحت دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔

بقیہ 13

ملاقات کی جس میں برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان اور وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد بھی موجود تھے۔ دونوں وزراء نے رواں سال دسمبر میں شروع ہونے والے پاکستان برطانیہ تجارتی مذاکراتی طریقہ کار کے تحت ٹھوس اور قابل عمل نتائج حاصل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور برطانیہ کے درمیان موجودہ دوطرفہ تجارتی حجم پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزراء نے دونوں ممالک کے درمیان سالانہ 2.5 ارب امریکی ڈالر کے موجودہ تجارتی حجم پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس امر کو تسلیم کیا کہ اشیاء و خدمات کے شعبوں میں دوطرفہ تجارت کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں وزراء نے آئی ٹی، فن ٹیک، مینوفیکچرنگ اور پیداواری صنعتوں سمیت مختلف شعبوں میں کاروبار اور تجارت کے نئے مواقع تلاش کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے دوطرفہ اقتصادی وتجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ان شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان کی معیشت مستحکم ہو چکی ہے اور تیز رفتار ترقی کی جانب گامزن ہے۔

بقیہ 14

قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد کرلیا گیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی مسلسل اور مؤثر کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ سیکورٹی فورسز بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 15

کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر بچوں کے استحصال اور فحاشی کے بڑھتے واقعات کے پیش نظر سوشل میڈیا کے استعمال کیلئے عمر کی حد مقرر کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق فیملی وی لاگ کے نام پر فحاشی کو کنٹرول کرنے کیلئے بھی مختلف تجاویز شامل کی گئی ہیں، جبکہ کئی ممالک کی طرز پر بعض سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پابندی عائد کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا جائے گا۔ وزارت داخلہ میں ہونے والے اجلاس کے دوران تمام تجاویز پر مشاورت کے بعد حتمی فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے)، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) اور وفاقی و صوبائی پولیس حکام شریک ہوں گے

بقیہ 16

کے مطابق ساتھ ایئرویز کی جانب سے پشاور سے کوئٹہ براہ راست سفری سہولت کیلئے پہلی پرواز 19 ستمبر کو پشاور سے روانہ ہوگی۔ گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور سے کوئٹہ براہ راست پرواز کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے عوام کیلئے خوش خبری قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ میری درخواست پر پشاور سے کوئٹہ براہ راست پرواز شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس پر میں ان کا شکرگزار ہوں جبکہ جلد پشاور سے لاہور کیلئے بھی براہ راست پرواز کا سلسلہ شروع ہوگا۔

بقیہ 17

میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر کی تعمیر و توسیع وتزئین و آرائش کے مختلف کاموں کے علاوہ کیپٹن یعقوب راہی والی بال گراؤنڈ اور عبداللہ عاصم فضل گراؤنڈ شامل ہیں۔ افتتاح کے موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز وکنٹرولر بلڈنگ جی ڈی اے نادر بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگ شے آصف غنی، پروجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ایجوکیشن آفیسر جمیل زرخاتون، اسکول ایڈمنسٹریس اور دیگر متعلقہ افسران و شخصیات موجود تھیں۔ افتتاح کے بعد ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن اور ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمن خان نے اسکول اور کھیلوں کے میدانوں کے احاطے میں شجرکاری بھی کی۔ اس موقع پر انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں جی ڈی اے کی جانب سے فراہم کی جانے والی تعلیمی وبنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ جی ڈی اے کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں طلبہ و طالبات کیلئے تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے تعمیر، توسیع، تزئین وآرائش اور دیگر ضروری کام مکمل کیے گئے ہیں۔ منصوبے کے مختلف کمپوننٹس میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر، ٹف ٹائلنگ، چار دیواری، دو مین گیٹ، امتحانی ہال، آڈیٹوریم، کیفے ٹیریا، واٹر ٹینک، شیڈز، پلے ایریا، بجلی کے ٹرانسفارمر، فرنیچر، کلاس رومز سمیت اولڈ اسٹرکچر کی بحالی سمیت دیگر ضروری سہولیات شامل ہیں

بقیہ 18

کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے تحت سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے کیمپس خضدار، پشین اور نوشکی کے ان تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولرائز کیا جائیگا جنہیں بھرتی کے تمام قانونی تقاضے اور مقررہ ضوابط مکمل کرنے کے بعد کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا تھا اور جو تاحال اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ریگولرائزیشن کے عمل سے قبل ملازمین کے دستاویزات اور دیگر مطلوبہ کوائف کی مکمل تصدیق کیلئے ایک خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے سولہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عامر رانا، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی سینئر عہدیدار ڈاکٹر نور آمنہ ملک، قومی کمیشن برائے وقار نسواں کی چیئرپرسن نورین بانو لہڑی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت سینیٹ ممبران موجود ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وویمن یونیورسٹی کے سولہویں سینیٹ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کے تمام امور و معاملات میں میرٹ کی پاسداری ہر صورت میں یقینی بنائیں۔

بقیہ 19

علاقے نوزہ کانک میں مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا، پولیس نے واقعے کے بعد لاشوں اور زخمی کو طبی امداد کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ میں جاں بحق ہونے والے افراد میں سے ایک کا تعلق ڈھاڈر جبکہ دیگر کا تعلق مستونگ سے بتایا جاتا ہے، پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی معلومات کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد مبینہ طور پر ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ایک گروہ سے تعلق رکھتے تھے اور انہوں نے ای پک اپ گاڑی چھینا تھا پولیس کے مطابق تینوں افراد کو مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نشانہ بنایا

بقیہ 20

ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کیلئے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔

بقیہ 21

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیراہتمام تعمیر نو کالج غزالی کیمپس کوئٹہ میں منعقدہ خصوصی انٹرایکٹو سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں طلبہ و طالبات، اساتذہ، ٹرسٹ کے عہدیداران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی تقریب میں آمد پر طلبہ و طالبات نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پھول پیش کیے گئے، ریڈ کارپٹ بچھایا گیا جبکہ روایتی انداز میں مہمان خصوصی کو تقریب میں خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری محمد انس نے حاصل کی۔ اس کے بعد نعت رسول مقبول ؟، اسمائے حسنیٰ اور دیگر پروگرام پیش کیے گئے۔ طلبہ کی جانب سے کلام اقبال بھی پیش کیا گیا۔ سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان محمد نسیم لہڑی نے خطب استقبالیہ پیش کرتے ہوئے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے تعمیر نو ٹرسٹ کی تعلیمی، تربیتی، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ادارہ طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ قومی اقدار، ادب اور ثقافت سے جوڑنے کیلئے مختلف پروگرام منعقد کرتا ہے۔ تقریب کا اہم حصہ حاجی مصدق علی اسکالرشپ 2026 تھا، جس کے تحت تین طلبہ میں اسکالرشپ تقسیم کی گئی۔ ہر طالب علم کو دو لاکھ روپے دیے گئے، اس طرح تین طلبہ میں مجموعی طور پر چھ لاکھ روپے کی رقم تقسیم ہوئی۔ اسکالرشپ کا مقصد مستحق اور قابل طلبہ کی حوصلہ افزائی اور اعلیٰ تعلیمی کارکردگی کی پذیرائی تھا

بقیہ 22

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیراہتمام تعمیر نو کالج غزالی کیمپس کوئٹہ میں منعقدہ خصوصی انٹرایکٹو سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں طلبہ و طالبات، اساتذہ، ٹرسٹ کے عہدیداران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی تقریب میں آمد پر طلبہ و طالبات نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پھول پیش کیے گئے، ریڈ کارپٹ بچھایا گیا جبکہ روایتی انداز میں مہمان خصوصی کو تقریب میں خوش آمدید کہا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری محمد انس نے حاصل کی۔

بقیہ 23

کے ٹینڈر کی منظوری دے دی، جس کے بعد جلد تعمیراتی کام شروع ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس سلسلے میں گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی کوششوں کو اہم قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے عمل میں چھ سے زائد مقامی اور قومی کمپنیوں نے حصہ لیا۔ یہ عمل 15 اگست سے ایک ماہ تک جاری رہا۔ ٹینڈر کے تحت کمپنیوں سے پیشہ ورانہ اہلیت اور متعلقہ اسناد طلب کی گئی تھیں، جبکہ انہیں مجاز اتھارٹی کی جانب سے مقرر کردہ پری کوالیفیکیشن کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری تھا۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی مقامی کمپنی ایچ ایم فرم نے مقررہ معیار اور ضوابط پر پورا اترتے ہوئے ٹینڈر حاصل کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق منصوبہ ماہی گیروں کو کشتیوں کی ملکیت اور انہیں مناسب مقام پر رکھنے کے حوالے سے درپیش مشکلات کے حل میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا

بقیہ 24

میں اہلیہ گرفتار تفتیش کا دائرہ کار وسیع کردیا گیا پولیس کے مطابق اوستہ محمد کا مشہور ماہر امراض اطفال ڈاکٹر سہیل یوسف ملک گولیاں لگنے سے ہلاک ہوگئے انکی لاش خون میں لت پت انکے کمرے میں پڑی ملی واقعے کی اطلاع پر ایس ایچ او اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان ڈی ایس پی ایس ایچ او سمیت بھاری پولیس نفری انکے گھر پہنچ گئی پولیس کے مطابق واقعہ کو خودکشی قرار دیا جارہا تھا تاہم کمرے میں چار گولیوں کے مذید نشانات وخول برآمد جبکہ ڈاکٹر کو ایک سر اور ایک گولی دل کے اوپر لگائی ہے قتل کے شبے میں انکی اہلیہ ریحانہ بی بی کو حراست میں لیکر تفتیش شروع کردی گئی ہے ایس ایس پی نے بتایا کہ واقعے کی ہر سطح پر تحقیقات ہورہی ہے اصل حقائق تفتیش کے بعد میڈیا اور عوام کے سامنے لائے جائیں گے۔

بقیہ 25

کی۔ راؤنڈ ٹیبل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نوجوانوں کو درپیش مسائل، دستیاب مواقع، ان کی صلاحیتوں اور مستقبل کے امکانات پر اظہار خیال کیا اور فیصلہ سازی و پالیسی سازی کے عمل میں نوجوانوں کی مؤثر شمولیت کی ضرورت پر زور دیا۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ پاکستان کی جمہوری اسمبلیوں میں تقریباً 30 فیصد نوجوان نمائندگی کر رہے ہیں، جبکہ ملک کی 62 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ پاکستان کے نوجوان توانائی، صلاحیت، ہنر اور عزم سے مالا مال ہیں اور ملک کو ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے عالمی پارلیمانی برادری کے سامنے پاکستان بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی آواز اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو پالیسی اور فیصلہ سازی کے عمل میں مناسب مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 26

خودمختاری کو فروغ مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس خاندان میں تعلیم یافتہ اور باروزگار خاتون موجود ہو، وہاں پورے خاندان کی معاشی اور سماجی صورتحال میں مثبت تبدیلی آتی ہے۔ خواتین کو معاشی طور پر مضبوط اور خودمختار بنانے سے نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے معاشرے کی ترقی ممکن ہے

بقیہ 27

میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مرکز خصوصی بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات، جدید تربیت اور معاون ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور خوداعتمادی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے سینٹر کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ ادارہ خصوصی بچوں اور ان کے خاندانوں کیلئے سہولت، رہنمائی اور امید کا مرکز ثابت ہوگا۔

بقیہ 28

زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کا اجلاس ہوا، زرعی ترقیاتی بینک کی نجکاری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، کمیٹی نے پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ فاروق ستار نے کہا کہ زرعی قرضوں کے حجم بڑھنے کے باوجود کسان خوشحال نہیں ہوا، جب بھی کسان ملک کیلئے بمپر فصل دیتا ہے، فصل کی صحیح قیمت سے محروم ہوجاتا ہے۔ سحر کامران نے کہا کہ بلوچستان میں ڈی اے پی کی بوری 20 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے، نجکاری میں مسلسل تاخیر سے معیشت کو نقصان پہنچا۔ فاروق ستار نے کہا کہ پی آئی اے کی اگر 2015 میں نجکاری ہوتی تو 900 ارب کا نقصان نہ ہوتا، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری وزارت خزانہ حکام پر برس پڑی۔ نجکاری کمیٹی نے کہا کہ پوسٹل لائف انشورنس کے واجبات کیلئے ایک سال سے کوششیں کررہے ہیں۔

بقیہ 29

نے اپنے متعلقہ محکموں کی دو سالہ کارکردگی رپورٹس اور مستقبل کا لائحہ عمل پیش کیا۔ اجلاس میں گزشتہ دو سالہ کارکردگی، مالیاتی معاملات، عوامی خدمات اور آئندہ منصوبہ بندی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ اطلاعات نے عوامی آگاہی اور میڈیا روابط سے متعلق اقدامات کی تفصیل پیش کی، جس پر چیف سیکرٹری نے محکمہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تشہیر اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے آمدنی میں اضافے کے محصولات اور انفراسٹرکچر منصوبوں پر بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے دونوں اتھارٹیوں کی آمدنی میں اضافے کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کی اور آمدنی کے مزید شفاف اور مستقل ذرائع فروغ دینے پر زور دیا۔ چیف سیکرٹری نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو خاص ہدایت کی کہ وہ شہر میں "اربن فاریسٹ" پروجیکٹ اور بزنس سنٹر منصوبے پر بروقت کام شروع کرے

بقیہ 30

خاتمے اور اسکولوں سے باہر بچوں کو تعلیم کے دھارے میں لانے کیلئے گزشتہ ایک سال کے دوران انقلابی اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں سے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) نے ضلع بھر میں ایک بڑا تعلیمی نیٹ ورک کھڑا کردیا ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مطابق یہ اقدام صوبائی سطح پر ایک حکمت عملی کے تحت شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد ان بچوں کو تعلیم دینا، داخلہ دلانا اور معاونت کرنا ہے جو باقاعدہ تعلیمی نظام سے باہر ہیں۔ یہ منصوبہ صوبہ بھر میں جدید اینگجز پرائیویٹ اور کمیونٹی شراکت داری ماڈل کے ذریعے تعلیمی رسائی کو پھیلانے کے لئے بی ای ایف کے دیرینہ مشن کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اس سنہرے موقع کو علاقہ میں تعلیم کے حق میں بہترین انداز میں لاگو کرکے ضلع خضدار کیلئے کل 190 نئے کمیونٹی اسکول منظور کروائے۔ یہ وہ اسکول ہیں جو ضلع کے پسماندہ ترین علاقوں میں قائم کیے گئے ہیں جہاں آج سے پہلے تعلیم کا کوئی تصور بھی نہیں تھا۔ ان اسکولوں کے قیام سے براہ راست 10 ہزار کے لگ بھگ بچے اور بچیاں زیور علم سے منور ہورہی ہیں جس کے مثبت اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے

بقیہ 31

دیے گئے اہداف مکمل کریں اور ہدایات کے مطابق اپنے قافلوں کے ہمراہ اسلام آباد کیلئے سفر شروع کریں۔ ملک میں عوام کی آواز حقیقی عوامی اپوزیشن صرف جماعت اسلامی ہے جو 40 دنوں سے عوامی حقوق کیلئے اور بھتہ خوری ولوٹ مار کے خلاف دھرنے واحتجاج پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امرائے اضلاع، برادر تنظیموں کے ذمہ داران، ارکان وکارکنان کو 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کے حوالے سے اہداف اور سفری ہدایات دیتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں جماعت اسلامی گزشتہ 40 دنوں سے پورے ملک میں دھرنوں اور پُرامن جمہوری مزاحمت کے ذریعے عوامی مسائل کو اجاگر اور قومی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ 20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ اسی پُرامن جمہوری جدوجہد کا اہم مرحلہ ہے۔ ظلم وجبر، بھتہ خوری، بدعنوانی، بدامنی اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف اٹھنے والا عوامی سیلاب اور جمہوری مزاحمت کا قافلہ اپنا راستہ خود بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد لانگ مارچ میں بلوچستان سے کثیر تعداد میں عوام، ارکان وکارکنان شریک ہوں گے

بقیہ 32

جہاز کی جانب سے پاکستانی جہاز کے انتہائی قریب خطرناک انداز میں نقل وحرکت کسی سنگین حادثے اور بڑے بحران کا سبب بن سکتی تھی۔ ایسے اقدامات بین الاقوامی سمندری قوانین اور پاکستان اور بھارت کے درمیان موجود اعتماد سازی کے انتظامات کی روح کے منافی ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان پہلے ہی حساس تعلقات کے تناظر میں سمندر میں کسی بھی قسم کی غیر ذمہ دارانہ عسکری نقل وحرکت کے نتائج انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ایسے واقعات کے اثرات محض دو بحری جہازوں تک محدود نہیں رہتے۔ بحیرہ عرب عالمی تجارت، توانائی کی ترسیل، خلیج عمان اور اہم بین الاقوامی سمندری راستوں سے منسلک انتہائی اہم خطہ ہے۔ کسی غلط فہمی، اشتعال انگیز عسکری نقل وحرکت یا حادثاتی تصادم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کشیدگی تجارتی جہازرانی، توانائی کی ترسیل اور مجموعی علاقائی بحری سلامتی کو متاثر کرسکتی ہے۔

بقیہ 33

جائے گا۔ دہشتگرد داوران کے سہولت کار صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور عزم اور استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلوچستان کے امن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے جوان پوری قوم کیلئے قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا، جبکہ ریاستی ادارے امن دشمن عناصر کے عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنانے کیلئے متحد اور پرعزم ہیں۔ ظہور بلیدی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور صوبے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 34

قیدیوں اور ان کی مدد کرنے والوں کے خلاف سرکاری و عدالتی دستاویزات میں تعزیرات پاکستان کی دفعات 466، 468 اور 471، 223 اور 225 اے کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے یہ دفعات عدالتی یا سرکاری احکامات میں جعلی سازی، جعلی دستاویز کی تیاری، انہیں اصل ظاہر کر کے استعمال کرنے اور سرکاری ملازم کی غفلت یا لاپرواہی سے قیدی کے فرار سے متعلق ہیں۔ ایس پی ژوب عبدالصبور کاکڑ نے ایف آئی آر کے اندراج کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس نے مفروروں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کردیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سراغ لگایا جارہا ہے کہ اس جعل سازی میں کون کون ملوث تھا، ملزمان کو مدد کس نے اور کس طرح فراہم کی اور جعلی احکامات کہاں تیار کیے گئے۔ ژوب جیل کے سپرنٹنڈنٹ چھٹہ خان نے بتایا کہ بلوچستان کے ضلع نصیرآباد کے رہائشی عبدالسلام اور کوئٹہ کے علاقے سملی کے رہائشی امان اللہ کو 2018 کے منشیات کیسز میں 25، 25 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی اور دونوں قیدیوں کو اکتوبر 2024 میں سینٹرل جیل ژوب منتقل کیا گیا تھا۔ جیل سپرنٹنڈنٹ چھٹہ خان سومرو کی مدعیت میں 30 اگست کو سٹی تھانہ ژوب میں درج ایف آئی آر کے متن میں کہا گیا ہے کہ 29 مئی 2025 کو مغرب کے وقت ایک نامعلوم شخص نے جیل کے مین گیٹ پر تعینات اہلکار کو دو خاکی لفافے دیے

بقیہ 35

مقامی ماہی گیر نسلوں سے سمندر سے وابستہ ہیں اور ماہی گیری نہ صرف ان کا ذریعہ معاش بلکہ ساحلی معیشت کا اہم حصہ ہے مقامی ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ، سمندری وسائل کی پائیداری اور فشریز صنعت کی ترقی کیلئے مؤثر نگرانی اور قانون پر عملدرآمد ناگزیر ہے انہوں نے فشریز حکام پر زور دیا کہ گوادر کے ساحلی علاقوں میں پٹرولنگ اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور غیر قانونی ٹرالنگ کے خلاف قانون وضوابط کے مطابق عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت متعلقہ حکام سے بھی رابطہ کیا گیا ہے ملاقات میں ماہی گیروں کی رجسٹریشن کے عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل شفاف، میرٹ پر مبنی اور قابل تصدیق ہونا چاہیے تاکہ حقیقی اور مقامی ماہی گیروں کی درست شناخت کے ساتھ انہیں حکومتی سہولیات اور فلاحی پروگراموں تک مؤثر رسائی فراہم کی جاسکے

بقیہ 36

ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو گوادر میں جاری اور مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری کی تعمیر وترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ جی ڈی اے گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت شہر کو جدید تقاضوں اور عالمی معیار کے مطابق ترقی دینے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کیلئے روزانہ کی بنیاد پر مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جی ڈی اے کی میونسپل سروسز کے تحت شہر کی شاہراہوں اور گلیوں کی صفائی، بیچ کی صفائی، ڈرینیج اور سیوریج لائنوں کی صفائی ودیکھ بھال، گرین بیلٹس اور مختلف گراؤنڈز میں شجرکاری، درختوں کی حفاظت ودیکھ بھال، واٹر سپلائی اور ڈسٹری بیوشن کے نظام کی نگرانی سمیت مختلف شہری خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ اسی طرح شہر میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور تعمیراتی سرگرمیوں کو قواعد وضوابط کے مطابق لانے کیلئے بھی باقاعدہ کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 37

متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ زراعت اور مال مویشیوں کے لیے بھی مشکلات پیدا ہورہی ہیں۔ ٹیل کے علاقوں میں پانی کی مناسب فراہمی نہ ہونے سے آبادگاروں کو اپنی فصلوں کے حوالے سے شدید خدشات لاحق ہیں، جبکہ پینے کے پانی کی قلت نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ نصیرآباد ڈویژن زرعی اعتبار سے اہم خطہ ہے، تاہم پانی کی غیر منصفانہ یا ناکافی فراہمی کے باعث ٹیل کے مکین مسلسل مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ 38

صحت، ڈویژنل پولیو آفیسر ڈاکٹر اشرف، ڈی ایچ او سبی ڈاکٹر قادر ہارون سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض نے اس موقع پر کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، جس کیلئے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے اور کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انسداد پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہے گی،

بقیہ 39

Group Integration Optimize (OIG) کے وائس پریزیڈنٹ بن بن یانگ سے ملاقات کی، جس میں گوادر میں سرمایہ کاری، سی فوڈ پروسیسنگ، کولڈ چین، فوڈ لاجسٹکس اور چینی مارکیٹ تک براہ راست رسائی کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گوادر چیمبر کے سیکرٹری جنرل خالد سیف بھی موجود تھے ترجمان گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ساجد بن رحیم کے مطابق جیہند ہوت نے کہا کہ گوادر کو صرف بندرگاہ نہیں بلکہ پیداوار، پروسیسنگ، ویلیو ایڈیشن، تجارت اور برآمدات کے مربوط مرکز کے طور پر ترقی دینے سے مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 40

بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اسکولوں میں جاری کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے، تعلیمی سرگرمیوں اور درس وتدریس کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع چمن میں تعلیم کے فروغ، اسکولوں کی بہتری اور طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 41

مؤثر شمولیت پر زور بلوچستان اور پاکستان کیلئے یہ یقیناً فخر اور اعزاز کی بات ہے کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی نڈر اور نوجوان ایم پی اے رہنما نے جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں منعقدہ 9 6ویں ParliamentaryCommonwealth Conference کے عالمی پارلیمانی فورم پر 16 ستمبر کو منعقدہ Roundtable Youth میں پورے ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے نوجوانوں کی مؤثر ترجمانی کی۔ راؤنڈ ٹیبل سیشن میں ایشیا ریجن کے نوجوانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے مینا مجید بلوچ نے خطے کے نوجوانوں کے مسائل، ان کی صلاحیتوں، توانائی، مواقع اور مستقبل کے امکانات کو گلوبل پارلیمانی برادری کے سامنے مؤثر انداز میں اجاگر کیا

بقیہ 42

کوئٹہ پائن۔ مورپنکی عیش۔ سنجد۔ چنبیلی اسمانی۔ توت۔ جونیپر اور دیگر پودوں سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ درخت ہماری آنے والی نسلوں کیلئے قیمتی سرمایہ ہیں۔ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، صاف اور صحت مند ماحول کے قیام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے شجرکاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 43

نے سعودی عرب پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مقدس سرزمین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نہ صرف مسلم امہ بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے انتہائی خطرناک صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ موجودہ حالات میں تمام مسلم ممالک کو باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک مضبوط "اسلامی بلاک" تشکیل دینا چاہیے جو مؤثر سیاسی، معاشی اور دفاعی حکمت عملی پر عمل پیرا ہو سکے۔ عالمی وعلاقائی تناظر میں ایک مشترکہ مسلم پلیٹ فارم کی ضرورت اب پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔

بقیہ 44

جس کے باعث نہ صرف روزمرہ آمدورفت میں شدید دشواریوں کا سامنا تھا بلکہ طلبہ، مریضوں، کاروباری افراد، زمینداروں اور عام مسافروں کو بھی مشکلات پیش آرہی تھیں۔ سڑک کی خستہ حالی اور تعمیراتی کام کے تعطل نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کردیا تھا، یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سوراب ٹوڈن کراس روڈ کے تعمیراتی کام ادھورا چھوڑے جانے کے خلاف کلی سرخ کے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے سوراب بازار کے مقام پر شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بند کردیا تھا، مظاہرین نے مطالبہ کیا تھا کہ سڑک کے زیر تعمیر منصوبے کو مزید تاخیر کا شکار بنانے کے بجائے فوری طور پر دوبارہ فعال کیا جائے اور مقررہ معیار کے مطابق تعمیراتی کام مکمل کیا جائے ،احتجاج کے دوران وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی نے مظاہرین سے مذاکرات کیے اور ان کے مسائل وتحفظات سنے، انہوں نے علاقہ مکینوں کو یقین دہانی کرائی تھی کہ سڑک کے تعمیراتی کام کی بحالی کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار اداروں سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے گا

بقیہ 45

کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ثناء اللہ شاہ، پرنسپل ایلیمنٹری کالج غزالہ رحیم، لیکچرار شمس پندرانی، ایس ڈی او پی اینڈ آر نوید موسیانی سمیت طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آئی ٹی حب کے ماسٹر ٹرینر اکرام مینگل نے تقریب کے شرکاء کو آئی ٹی حب میں طلبہ و طالبات کی تعداد، مختلف کورسز، تربیت کے دورانیے، زیر تربیت طلبہ و طالبات کیلئے وظائف اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ گورنمنٹ کالج آف ایلیمنٹری ایجوکیشن قلات میں آئی ٹی حب کا قیام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے اور ان کی تعلیمی وفنی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ آج کے دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی تعلیم، روزگار اور ترقی کے نئے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ ایسے مراکز کے ذریعے طلبہ و طالبات کو جدید کمپیوٹر اسکلز اور ڈیجیٹل تعلیم حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 46

ای او صفا کوئٹہ دل نواز شاہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن اور صفاء کوئٹہ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صفاء کوئٹہ کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو شہر میں جاری صفائی کے اقدامات، کچرے کو ٹھکانے لگانے اور دیگر معاملات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ اس وقت روزانہ تقریباً 14 ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا رہا ہے، جبکہ شہر میں روزانہ تقریباً 16 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے۔ کچرے کو ٹھکانے لگانے کیلئے مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں دو ڈمپنگ سائٹس قائم ہیں۔

بقیہ 47

ماہانہ سے بڑھا کر 10 ہزار روپے ماہانہ کردی گئی ہے۔ نئی شرح یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ الاؤنس معمول کے کنونس الاؤنس کے علاوہ دیا جائے گا۔ اس سہولت کے حقدار وہ سرکاری ملازمین ہوں گے جو معذور ملازمین کے کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں یا دوران ملازمت مجاز میڈیکل بورڈ کی جانب سے معذور قرار دیے گئے یا سرٹیفائیڈ ہوئے ہیں۔

بقیہ 48

کی کوشش کو امت مسلمہ کے جذبات اور مذہبی عقیدے کے خلاف سنگین اقدام تصور کیا جائے گا۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے مقدس مقامات سے متعلق سامنے آنے والی کسی بھی دھمکی یا خطرے کو معمولی معاملہ نہیں سمجھا جاسکتا۔ خصوصاً مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا تحفظ اور تقدس دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی فریق کی جانب سے حرمین شریفین یا سعودی عرب کے مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش انتہائی تشویشناک اور ناقابل قبول ہوگی۔

بقیہ 49

کی کاشت سمیت دیگر زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے سازگار ماحول میسر آئے گا۔ یہ اقدام صوبائی حکومت کی اس پالیسی کا عملی اظہار ہے جس کے تحت پانی کے دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ کوکونٹ فارم پسنی میں آبپاشی کی بنیادی سہولیات میں بہتری کو زرعی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے فارم انچارج و ایگریکلچر آفیسر ایکسٹینشن محمد وسیم نور ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن بلوچستان مسعود احمد بلوچ اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن گوادر مقبول احمد بلوچ کی خصوصی کاوشوں، مؤثر رہنمائی اور تعاون کو سراہا گیا اس موقع پر محکمہ زراعت کے متعلقہ حکام کی عملی کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا، جن کی بدولت کوکنٹ فارم میں پانی کے بہتر انتظام، آبپاشی کی سہولیات میں بہتری اور زرعی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔

بقیہ 50

، کیک اینڈ کوکیز، ایل ڈوراڈو اور دیگر بیکریوں اور سوئیٹس شاپس کو بلوچستان پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اینڈ ایمپلائمنٹ ٹیکس ایکٹ 2026 کے تحت رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ کاروباری افراد کو پروفیشنل ٹیکس سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے قانون کے مطابق بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کی ہدایت کی گئی۔ BRA حکام نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہوگی۔

بقیہ 51

عیسیٰ خان گرلز ہائی سکول کی معطل کی گئی خواتین اساتذہ فوری بحال کی جائے ان کی معطلی کی غیر جانب دار، شفاف اور منصفانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر مذکورہ اساتذہ نے ادارے کے انتظامی معاملات کی بہتری اور مفاد سے متعلق کسی شکایت یا تحفظات کی نشاندہی کی ہے تو انہیں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنانے کے بجائے ان کا مؤقف بھی باقاعدہ طور پر سنا جانا چاہیے۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ مطالبہ کرتی ہے کہ معطل خواتین اساتذہ کے خلاف کارروائی کے تمام پہلوؤں کا منصفانہ جائزہ لے کر انہیں انصاف فراہم کیا جائے اور اگر ان کے خلاف کوئی قابل تعزیر یا محکمانہ خلاف ورزی ثابت نہیں ہوتی تو معطلی کے احکامات فوری طور پر واپس لے کر انہیں اپنی جائے تعیناتی پر خدمات جاری رکھنے کی اجازت دی جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں اساتذہ کو باعزت، محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کرنا محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے، اس لیے کسی بھی شکایت پر دباؤ یا انتقامی کارروائی کے بجائے قانون، شفافیت اور انصاف کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، تاکہ ادارے کا تعلیمی ماحول بھی متاثر نہ ہو اور خواتین اساتذہ کے حقوق بھی محفوظ رہیں۔

بقیہ 52

پشتو اور دیگر مقامی زبانوں کے پروگرامز نہ صرف صوبے کی ثقافت، ادب اور زبانوں کے فروغ کا ذریعہ ہیں بلکہ ان پروگرامز سے وابستہ فنکاروں، ادیبوں، شعراء اور دیگر شعبہ ہائے فن کو بھی روزگار اور اظہار کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی فنکار اور فنون لطیفہ سے وابستہ افراد بھی میڈیا کا ایک اہم شعبہ ہیں، جنہوں نے دہائیوں سے اپنی صلاحیتوں کے ذریعے بلوچستان کی تہذیب، ثقافت، زبانوں اور مثبت تشخص کو اجاگر کیا ہے۔ ایسے فنکاروں کو طویل عرصے تک ان کے معاوضوں سے محروم رکھنا انتہائی تشویشناک امر ہے۔ تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی نے مقامی فنکاروں کو شدید مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے ، جس پر خاموش نہیں رہا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز بلوچستان کے عوام، مقامی زبانوں اور ثقافت کی نمائندگی کا اہم ادارہ ہے، اس لیے مقامی زبانوں کے پروگرامز کو بند کرنے کے بجائے ان کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا جانا چاہیے۔ حکومت اور پی ٹی وی انتظامیہ مقامی فنکاروں کے واجبات کی فوری ادائیگی کو یقینی بنائے اور بند کیے گئے مقامی زبانوں کے پروگرامز بحال کر کے فنکاروں کو دوبارہ اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پی ٹی وی کوئٹہ مرکز میں مقامی فنکاروں اور پروگرامز سے وابستہ افراد کے مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، واجبات کی ادائیگی کا واضح ٹائم فریم دیا جائے۔ بیان میں معاوضوں کی ادائیگی کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان سے کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان فنکاروں اور میڈیا سے وابستہ دیگر تمام شعبوں کے جائز حقوق اور معاشی تحفظ کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا۔

بقیہ 53

دوران کھانے پینے کی اشیاء کے معیار، صفائی ستھرائی، حفظان صحت، واش رومز اور مقررہ نرخوں کا سختی سے جائزہ لیا گیا معائنہ میں چار ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس کی مکمل چیکنگ کی گئی، جبکہ غیر معیاری اشیائے خورونوش اور دیگر خلاف ورزیوں پر متعلقہ ہوٹل مالکان کو جرمانے کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہوٹل مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ شہریوں اور مسافروں کو صاف ستھرا، معیاری اور محفوظ کھانا فراہم کیا جائے اور حفظان صحت کے تمام اصولوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور جانوں سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ ناقص، غیر معیاری یا زائد المیعاد اشیائے خورونوش کے استعمال، صفائی میں غفلت اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی پر آئندہ مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان کو کہنا تھا کہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ اور شہریوں و مسافروں کو محفوظ خوراک کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس حوالے سے اچانک معائنوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 54

عمل کا جائزہ لیا اور طلبہ سے براہ راست گفتگو کرتے ہوئے تعلیمی اہمیت، کیریئر کونسلنگ، مطالعے کے فروغ اور کلاسز میں باقاعدگی کی اہمیت پر زور دیا جبکہ کالج پرنسپل عادل بلوچ نے ڈائریکٹر مانیٹرنگ کو کالج ہذا انتظامی امور اور درس وتدریسی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جبکہ طلبہ نے انہیں دور دراز علاقوں سے کالج آنے کیلئے ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی کے مسئلے سے بھی آگاہ کیا بعدازاں کالج عملے کے اجلاس میں کالج کی زیر تعمیر عمارت پر کام دوبارہ شروع کرنے، لیکچررز سمیت دیگر مستقل آسامیوں پر تعیناتی اور دور دراز علاقوں کے طلبہ کیلئے پک اینڈ ڈراپ بس کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈائریکٹر کالجز مانیٹرنگ نے کالج کے مسائل کے حل کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کالج انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اپنی عمارت کی عدم دستیابی کے باوجود اسکول کی عمارت میں کالج کو فعال رکھنا اور تعلیمی سرگرمیوں کا تسلسل قابل تحسین ہے۔

بقیہ 56

عملے کی تعیناتی اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے لوگوں کو ان کی دہلیز پر صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے غیر حاضر ڈاکٹرز اور طبی عملے کے خلاف بلاامتیاز محکمانہ کارروائی اور ہسپتالوں میں عملے کی حاضری یقینی بنانے پر بھی زور دیا اس موقع پر ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز کی تعیناتی اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے متعلقہ اداروں سے رابطہ اور پیروی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 57

کیے گئے ملزمان، برآمد ہونے والا اسلحہ، نقدی رقم اور مسروقہ موٹر سائیکل بھی میڈیا کے سامنے پیش کیے گئے۔ پریس کانفرنس کے دوران ڈی ایس پی محمد علی جمالی نے پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں، گرفتاریوں اور برآمدگیوں سے متعلق تفصیلات سے میڈیا نمائندگان کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکل گنداخہ میں امن وامان برقرار رکھنے، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری کررہی ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی، جبکہ مختلف مقدمات میں مطلوب اور جرائم میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس موقع پر ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری، ایڈیشنل ایس ایچ او باغ ٹیل محمد نواز راہوجہ سمیت پولیس افسران واہلکار بھی موجود تھے۔

بقیہ 58

گئے۔ پریس کانفرنس کے دوران ڈی ایس پی محمد علی جمالی نے پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں، گرفتاریوں اور برآمدگیوں سے متعلق تفصیلات سے میڈیا نمائندگان کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سرکل گنداخہ میں امن وامان برقرار رکھنے، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری کررہی ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی، جبکہ مختلف مقدمات میں مطلوب اور جرائم میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس موقع پر ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری، ایڈیشنل ایس ایچ او باغ ٹیل محمد نواز راہوجہ سمیت پولیس افسران واہلکار بھی موجود تھے۔

بقیہ 59

کے سینئر رہنما غلام رسول عمرانی، سندھ ترقی پسند پارٹی کے سینئر رہنما عبدالمجید مغیری، حاجی اللہ ڈنو چاچڑ، آدم علی جاکیرانی، گلاب خان، غلام عباس، انعام علی میمن، گلزار احمد انصاری، سندھ کے مشہور نعت خواں سکندر علی سیریو، نثار احمد کلہوڑو، عمران علی، محمد راشد بروہی، میر ہزار خان اور خواتین، بچوں اور دیگر کی بڑی تعداد شامل ہے۔ اس موقع پر شاعر اہل سنت شہزاد چاچڑ حسینی نے کہا کہ پاکیزہ شہر مکہ و مدینہ میں اللہ رب العزت کی خوبصورت فطرت موجود ہے۔ مکہ اور مدینہ کے نظارے دیکھ کر آنکھوں کو ٹھنڈک اور رحمت ملتی ہے۔ ہمیں مکہ اور مدینہ دل و جان سے پیارا و عزیز ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ زیارات مقدس اور سعادتیں عطا فرمائے، آمین۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اللہ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہر وقت درود وسلام پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ کی قدرت کے شاہکار مکہ اور مدینہ میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ ہمارا تو ایمان ہی پاکیزہ شہر مدینہ کی خوشبودار سرزمین سے وابستہ ہے۔ روحانی کیفیت کا مظہر اور لازوال نمونہ مقدس سرزمین سے وابستہ ہے۔

بقیہ 60

اجاگر کرنے کا ایک اہم عالمی دن ہے۔ اس دن کو ہر سال ملک اور بیرون ملک مختلف علاقوں میں پشتون ثقافت اور تہذیب کے اظہار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن، بالخصوص جنوبی پشتونخوا میں موجودہ حالات انتہائی تشویشناک ہیں۔ دہشت گردی، بدامنی، قتل وغارت گری، مختلف سانحات اور امن وامان کی ابتر صورتحال کے باعث اس سال 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی، سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد کی جائیں گی۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ نے تمام اضلاع کی تنظیموں کو تاکید کی ہے کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی اور وقار کے ساتھ منعقد کریں اور اس موقع پر پشتون قوم کی زبان، تاریخ، ثقافت، تہذیب، روایات اور مثبت سماجی اقدار کو اجاگر کریں۔ کوئٹہ میں بھی پشتون کلچر ڈے کے حوالے سے کوئٹہ پریس کلب میں تقریب منعقد کی جائے گی

بقیہ 61

بن چکا ہے، پٹرول کی قیمت 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہوچکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے مہنگائی کا نیا بوجھ ڈال رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ٹرانسپورٹرز کیلئے موجودہ کرایوں پر سروس جاری رکھنا ممکن نہیں ہوگا، جس کے نتیجے میں مسافروں کو بھی مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 62

شخصیات نے شرکت کی۔ مکالمے کا اہتمام وزارت تخفیف غربت و سماجی تحفظ اور بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس کے تعاون سے کیا گیا تھا جس میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کی خصوصی تعاون شامل تھی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی، ڈاکٹر سمیعہ راحیل قاضی سمیت مختلف مذاہب اور مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات، مذہبی رہنماؤں، سماجی کارکنوں اور دیگر شرکاء نے شرکت کی۔ مکالمے کے دوران معاشرے میں مذہبی رواداری، باہمی احترام، سماجی ہم آہنگی، امن کے فروغ اور مختلف طبقات کے درمیان مثبت روابط کے قیام سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب، ثقافتوں، زبانوں اور روایات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، جہاں باہمی احترام، برداشت اور رواداری ہماری قومی شناخت اور اجتماعی قوت کا اہم حصہ ہیں۔

بقیہ 63

بچوں کو ڈی ورمنگ کی گولیاں فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ خواتین کو بچوں کی صحت، صفائی اور بروقت حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت سے متعلق آگاہی بھی دی جارہی ہے ان کا کہنا تھا کہ مہم کا مقصد ماؤں اور بچوں کو قابل تدارک بیماریوں سے محفوظ بنانا، ویکسینیشن کوریج کو بہتر بنانا اور عوام میں صحت مند طرز زندگی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ صحت مند ماں اور صحت مند بچہ ہی ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 64

شہری کو قانون ہاتھ میں لے کر تشدد یا تذلیل کا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ بلوچستان میڈیا فورم نے کہا کہ قبائلی نظام کے نام پر ذاتی عدالتیں قائم کرنا اور اپنی منشا کے مطابق لوگوں کے فیصلے کرنا ریاستی قانون اور انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ جو عناصر خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہوئے اپنی عدالتیں لگاتے ، لوگوں کو تذلیل کرتے اور تشدد کا نشانہ بناتے ہیں، ان کا محاسبہ نہایت ضروری ہے۔ کسی فرد یا گروہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے کسی شہری کو مجرم قرار دے کر سزا دینا شروع کردے۔ نصیر احمد کو بھی اسی غیر قانونی اور نام نہاد ذاتی عدالت کا نشانہ بنایا گیا، جس کی کسی مہذب اور قانونی معاشرے میں کوئی گنجائش نہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ صحافی عوامی مسائل، ناانصافیوں اور مظلوم طبقات کی آواز ایوان اقتدار تک پہنچانے کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ صحافیوں کو تشدد اور دھمکیوں کا نشانہ بنانا آزادی صحافت اور عوام کے حق اظہار پر اثرانداز ہونے کے مترادف ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرے تاکہ وہ بلاخوف اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرسکیں۔

بقیہ 65

متحرک رکھا جارہا ہے، جبکہ کچرے کی بروقت منتقلی اور صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ شہر کی صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی امور عوام کی بنیادی ضروریات میں شامل ہیں، اس حوالے سے میونسپل کمیٹی کے افسران اور عملے کی کاوشیں قابل ذکر ہیں۔ شہریوں نے چیف آفیسر میر محمد سلیم ڈوکی سے امید ظاہر کی ہے کہ شہر کو مزید صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے لیے صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا

بقیہ 66

کان اور آواز ہوتے ہیں، جو عوامی مسائل، ناانصافیوں، بدعنوانی اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کر کے ذمہ دار اداروں اور حکام تک عوام کی آواز پہنچاتے ہیں۔ ایسے میں کسی صحافی کو مبینہ طور پر تشدد، دھمکی یا دباؤ کا نشانہ بنانا نہ صرف قابل افسوس بلکہ انتہائی تشویشناک امر ہے۔ نصیر احمد کاڑ ایک سینئر اور پیشہ ور صحافی کی حیثیت سے طویل عرصے سے صحافتی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ ان پر مبینہ تشدد کا واقعہ پوری صحافی برادری کے لیے باعث تشویش ہے۔ صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران خوف، دباؤ اور تشدد کا سامنا کرنا پڑے، تو اس سے آزادی صحافت کے حوالے سے سنگین سوالات جنم لیتے ہیں۔ ترجمان نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانب دارانہ، شفاف اور مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور اگر تحقیقات میں کسی فرد یا گروہ کا ملوث ہونا ثابت ہو تو قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے صحافیوں کو دھمکانے ، ہراساں کرنے یا تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظرانداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں

بقیہ 67

گی، جس کا مقصد ماہی گیروں اور کشتی مالکان کو اپنی کشتیوں کی باقاعدہ رجسٹریشن اور قانونی لائسنس کے حصول کیلئے سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے تمام ماہی گیروں سے اپیل کی کہ وہ مقررہ مدت کے دوران متعلقہ محکمہ ماہی گیری کے دفاتر سے رجوع کرتے ہوئے اپنے ضروری کوائف اور دستاویزات کی تصدیق کرائیں اور لائسنس کے حصول کیلئے درخواستیں جمع کرائیں ان کا کہنا تھا کہ لائسنس یافتہ اور باقاعدہ رجسٹرڈ کشتیاں نہ صرف قانونی تقاضوں کی تکمیل کا ذریعہ ہیں بلکہ ماہی گیروں کے ریکارڈ کو منظم بنانے، سرکاری سہولیات تک رسائی بہتر کرنے اور مستقبل میں ماہی گیری کے شعبے کی منصوبہ بندی میں بھی معاون ثابت ہوں گی

بقیہ 68

پر کھولنے کی ہدایت کی۔ اس سلسلے میں اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسن کھوسہ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ) کے متعلقہ افسران کے ہمراہ موقع کا دورہ کیا، جہاں سڑک کے راستے میں تعمیر کی گئی دیوار کو گرا کر آمدورفت بحال کردی گئی۔ علاقہ مکینوں کی جانب سے شکایت کی گئی تھی کہ اسٹریٹ میں دیوار قائم کر کے راستہ بند کردیا گیا ہے، جس کے باعث انہیں آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے

بقیہ 69

ہو چکی ہے اور وہ جانبر نہ ہوسکی۔ عوامی حلقوں نے واقعے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع پنجگور میں بچھو اور زہریلے سانپ کے کاٹنے کے علاج کیلئے ضروری تریاق اور ادویات کی دستیابی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ ان کے مطابق ضلع کے سرکاری طبی مراکز میں زہریلے حشرات اور سانپ کے کاٹنے کی صورت میں فوری استعمال ہونے والی ادویات اور انجکشن کی مناسب دستیابی نہیں، جس کے باعث ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بچھو یا زہریلے سانپ کے ڈنک کی صورت میں ابتدائی طبی امداد اور بروقت تریاق انتہائی اہمیت رکھتا ہے، تاہم پنجگور میں ایسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مؤثر انتظامات کا فقدان انتہائی تشویش ناک ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ واقعے میں بچی کو بروقت ابتدائی طبی امداد اور مطلوبہ علاج کی فراہمی کے حوالے سے سوالات اٹھ رہے ہیں۔ شہریوں نے محکمہ صحت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں

بقیہ 70

حکام کے مطابق ڈرون کو ممنوعہ فضائی حدود میں داخل ہونے سے پہلے ہی تباہ کردیا گیا۔ ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حالیہ مشترکہ دفاعی معاہدہ دونوں ممالک کے عزم کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور حرمین شریفین کی حفاظت ہرگز کسی قسم کی کوتاہی کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

بقیہ 71

عبدالروف نوتیزئی سیکرٹری حاجی عبدالباری بلوچ نائب صدور واحد بخش شیرزہی، سید محی الدین شاہ، خازن بابو عبدالرزاق ساسولی سمیت دیگر عہدیداروں نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں شہید ملک عبدالباری ریکی کے فرزند ملک فدا الرحمان ریکی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ جنھوں نے شہید الحاج عید محمد نوتیزئی فٹبال اسٹیڈیم دالبندین میں پہلا آل چاغی شہید ملک عبدالباری ریکی فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کر کے ایک دانشمندانہ اقدام اٹھایا ہے ان کے حالیہ اقدام سے ضلع چاغی کے نوجوان کھلاڑیوں کو ٹیلنٹ کو ابھرنے کا موقع ملا اور ساتھ ساتھ علاقے کے شائقین کو تفریح کے بہترین مواقع میسر ائے۔ اس لئے ہم ڈی ایف اے چاغی کے پلیٹ فارم سے ملک فدا الرحمان ریکی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں علاقے میں فٹبال کے فروغ کے لیے اور سنجیدگی سے کردار ادا کرنے پر شہید ملک عبدالباری ریکی کے فرزند ملک فدا الرحمان ریکی کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرتے ہیں

بقیہ 72

زخمی ہونے والے غوثیہ جماعت کے فقیر سوشل ورکر سیٹھ عرفان جروار کی عیادت کی اور مزاج پرسی کی دوسری جانب ٹوڈیرو پریس کلب کے صحافیوں ضمیر حسین بھٹو، عابد حسین بھٹو نے بھی عرفان جروار کے گھر پہنچ کر ان کی عیادت کی۔ اس موقع پر محمد قاسم جروار، میر منور علی جروار، زبیر جروار، صمیم جروار، محمد حنیف جروار و دیگر بھی موجود تھے۔

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم بیکریوں کو پروفیشنل ٹیکس کی ادئیگی کیلئے نوٹسس جاری کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

اسکولوں میں جاری کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے ,حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کی مجموعی تعلیمی صورتحال، مختلف اسکولوں میں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں، بنیادی سہولیات اور کلاس رومز میں جاری درس وتدریس کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے افسران نے ڈپٹی کمشنر چمن کو اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں، طلبہ و طالبات کی حاضری، اساتذہ کی کارکردگی اور جاری کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

تربت، اسسٹنٹ کمشنر بوبکر میر روائی ٹیچنگ ہسپتال تربت کا دورہ کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر گوادر کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ

اسکول میں اساتذہ کی کمی کے مستقل حل کیلئے متعلقہ محکمہ تعلیم کے ساتھ رابطہ جاری رکھا جائے گا، رومیل نعیم جان

گوادر (خ ن) وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی جانب سے معیاری تعلیم کے فروغ کے اقدامات کے تحت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے گزشتہ دنوں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا تھا، جہاں طالبات سے ملاقات اور تعلیمی سرگرمیوں کے جائزے کے دوران ریاضی اور فزکس کے اساتذہ کی کمی کی نشاندہی ہوئی تھی

کمشنر سیوی اسد اللہ فیض نے انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن اسد اللہ فیض نے 21 ستمبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی، ڈویژنل ڈائریکٹر (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

گوادر کو برآمدات کا اہم مرکز بنانے کی کوششوں میں پیش رفت سامنے آئی ہے، جہند ہوت

تجارت اور برآمدات کے مربوط مرکز کے طور پر ترقی دینے سے مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں

گوادر/ بیجنگ (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کی سرمایہ کاری، صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کی پالیسی کے تحت گوادر کو سی فوڈ پروسیسنگ، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کا اہم مرکز بنانے کی کوششوں میں پیش رفت سامنے آئی ہے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جہند ہوت نے چین کے معروف فوڈ سپلائی چین گروپ (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

ملک کو ترقی، خوشحالی اور ایک روشن مستقبل کی جانب لے جانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں, مجید بلوچ

کوئٹہ (خ ن) 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے بلوچستان اور پاکستان کے نوجوانوں کی نمائندگی کی۔ نوجوانوں کے مسائل، مواقع اور مستقبل پر اظہار خیال، فیصلہ سازی اور پالیسی سازی میں (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

پسنی محکمہ زراعت توسیع کے جانب سے ناریل فارم پسنی میں پانی کی بہتر فراہمی اور ذخیرہ کاری کے لیے نئے واٹر چیمبر اور پانی کے ٹینک کی تعمیر مکمل کر لی گئی

گوادر، پٹرولنگ اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن

محکمہ فشریز سمندری وسائل کے تحفظ، قانونی ماہی گیری کے فروغ اور ساحلی علاقوں میں نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کیلئے اقدامات کر رہا ہے

گوادر کے مقامی ماہی گیر نسلوں سے سمندر سے وابستہ ہیں اور ماہی گیری نہ صرف ان کا ذریعہ معاش بلکہ ساحلی معیشت کا اہم حصہ ہے، رکن صوبائی اسمبلی

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق الرحمٰن سے ان کے دفتر گوادر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے ساحلی علاقوں میں غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام، مقامی ماہی گیروں کے روزگار کا تحفظ، ماہی گیروں کی شفاف رجسٹریشن اور فشریز کے شعبے کی پائیدار ترقی وفروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ گوادر کے (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیرِ صدارت ڈی سی آفس لسبیلہ میں اہم اجلاس

تمام متعلقہ محکموں اور فلاحی اداروں کو باہم مل کر ایک مؤثر اور مربوط حکمت عملی اپنانی ہوگی، سراج احمد بلوچ

لسبیلہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیرِ صدارت ڈی سی آفس لسبیلہ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کا بنیادی ایجنڈا موجودہ مون سون سیزن میں بارشوں کی کمی اور اس کے نتیجے میں ممکنہ قحط سالی کی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ یہ اجلاس پاک مشن سوسائٹی کے تعاون سے DRR فورم لسبیلہ کے تحت منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے مختلف محکموں کے سربراہان اور افسران کے علاوہ غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندگان نے بھی بھرپور شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ جنگلات کے نرسری کا دورہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے محکمہ جنگلات کے نرسری کا دورہ۔ کیا اس موقع پر ڈویژنل فاریسٹ آفیسر DFO علی اکبر بنگلزئی انکے ہمراہ تھے ڈویژنل ڈائریکٹر نے ڈپٹی کمشنر کو نرسری کا دورہ کرایا اور نرسری میں لگائے گئے مختلف قسم کے درختوں (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

فرائض میں غفلت کے معاملے پر کسی قسم کی مصلحت پسندی یا نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کے تمام ہسپتالوں، بی ایچ یوز، ڈسپنسریز، ایم سی ایچ سینٹرز اور نیوڈی ایچ کیو ہسپتال چمن میں طبی سہولیات اور صحت عامہ کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

سعودی عرب کی سلامتی پر حملہ پوری امتِ مسلمہ پر حملہ ہے، صدیق مدنی

مقدس سرزمین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ممبر یوتھ پارلیمنٹ

چمن (نامہ نگار) بلوچستان کے معروف دینی درسگاہ مدرسہ عربیہ بحر العلوم محلّہ مولوی فتح محمد چمنی نور اللہ مرقدہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں منعقدہ ایک تقریب سے جمعیت علماء اسلام کے رہنماء اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، حافظ حضرت علی، ملا نورالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور تحفظ پوری امتِ مسلمہ کی سلامتی سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

چیئر مین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سے سید ناصر عالم رضوی اور ڈپٹی منیجر عابد شبیر کی ملاقات

نئے میٹرز کے حصول یا خراب میٹرز کی تبدیلی کیلئے اپنی درخواستیں کے الیکٹرک دفتر میں جمع کرائیں

لسبیلہ (خ ن) چیئر مین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ سے ان کے دفتر میں کے الیکٹرک لسبیلہ کے کمرشل منیجر سید ناصر عالم رضوی اور ڈپٹی منیجر عابد شبیر نے ملاقات کی، جس میں ضلع لسبیلہ میں بجلی کی فراہمی اور شہریوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی ملاقات میں نئے بجلی کے میٹرز کی تنصیب اور خراب میٹرز کی تبدیلی سمیت دیگر مسائل زیرِ بحث آئے۔

خصوصی کنوینس الاونس کی شرح 4 ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 10 ہزار روپے ماہانہ کر دی گئی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے معذور سرکاری ملازمین کیلئے خصوصی کنوینس الاونس (Special Conveyance Allowance) میں اضافہ کر دیا۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق خصوصی کنوینس الاونس کی شرح 4 ہزار روپے (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

جی ڈی اے مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہا ہے، قادر شکیل

شہر میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام اور تعمیراتی سرگرمیوں کو قواعد وضوابط کے مطابق لانے کیلئے بھی باقاعدہ کارروائیاں جاری ہیں

سوڈ ڈیم میں پانی کا سطح کم ہونے کے بعد اس وقت شادی کور سے روزانہ پانی پمپ کر کے گوادر شہر کو فراہم کیا جا رہا ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ/گوادر (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرِ صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے انتظامی، مالیاتی اور ترقیاتی امور سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ بلوچستان زاہد سلیم سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع

کلی سرخ کے مکینوں کا وائس چیئر مین شیخ محمد یاسین سمالانی سے اظہارِ تشکر

سوراب (سراج احمد بلوچ) سوراب سے ڈن کراس جانے والی اہم شاہراہ کے تعمیراتی کام ایک بار پھر شروع کر دیے گئے ہیں، جس پر کلی سرخ کے علاقہ مکینوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وائس چیئر مین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی کا شکریہ ادا کیا ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کا تعمیراتی منصوبہ طویل عرصے سے نامکمل پڑا ہوا تھا، (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس میں اراضی، انتقالات، ریونیو ریکارڈ اور دیگر متعلقہ معاملات سے متعلق مختلف مقدمات کی سماعت کی گئی ریونیو کورٹ ڈے کے دوران زیر التواء مقدمات اور عوام کو درپیش ریونیو مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اورماڑہ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت مکران کوسٹل ہائی وے پر ہوٹلوں میں کھانے پینے کی اشیاء کا معائنہ کر رہی ہیں

کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت سولڈ ویسٹ مینجمنٹ اور شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس

صفاء کوئٹہ نے صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کیلئے 1829 لوکل افراد کو ملازمت پر بھرتی کیا ہے، ذیشان لاشاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت سولڈ ویسٹ مینجمنٹ اور شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی صفائی، کچرے کو ٹھکانے لگانے، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈرینج کی صفائی اور شہری شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ، سی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ کالج آف ایلیمنٹری ایجوکیشن قلات میں قائم آئی ٹی حب کے افتتاح کی پروقار تقریب

قلات (خ ن) گورنمنٹ کالج آف ایلیمنٹری ایجوکیشن قلات میں قائم آئی ٹی حب کے افتتاح کی پروقار تقریب منعقد کی گئی ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری اور 329 بریگیڈ کے کمانڈر بریگیڈیئر غلام فاروق نے فیتہ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر مدد جتک، قبائلی امن جرگے کے چیئر مین حاجی نور محمد رخشانی اور صدام خان اچکزئی اپنے حلقے پی بی 45 دورے کے موقع پر علاقہ معتبرین سے خطاب کر رہے ہیں

حرمین شریفین کا تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، جے یو آئی اوستا محمد

مقدس مقامات کی طرف کسی بھی جارحیت نا قابل قبول ہے، صوفی خاوند بخش چنہ

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور دیگر کابینہ اراکین نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی مقدس اور روحانی مراکز کی حیثیت رکھتے ہیں، جن کے تقدس اور احترام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ حرمین شریفین کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت، پیش قدمی یا مقدس مقامات کو نشانہ بنانے (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ ملازمین کو درپیش دیرینہ مالی مشکلات کے حل کیلئے 502 ملین روپے کا بلاسود قرضہ فراہم کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ خزانہ بلوچستان کے مطابق وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ ملازمین کو درپیش دیرینہ مالی مشکلات کے حل کیلئے 502 ملین روپے کا بلاسود قرضہ فراہم کر دیا گیا ہے، جس سے ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن بقایاجات کی ادائیگی میں مدد ملے گی۔

کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل

پانی کے دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے

پسنی (خ ن) صوبائی حکومت کے زرعی شعبے کی ترقی، جدید آبپاشی نظام کے فروغ، پانی کے مؤثر استعمال اور زرعی پیداوار میں اضافے کے وژن کے تحت کوکونٹ فارم پسنی میں نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے نئے واٹر چیمبرز کی تعمیر سے فارم میں پانی کی ذخیرہ کاری، ترسیل اور آبپاشی کے نظام کو مزید مؤثر، منظم اور پائیدار بنانے میں مدد ملے گی، جس سے ناریل (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم کا بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیرِ خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نانی جان (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

پی ٹی وی کوئٹہ میں مقامی زبانوں کے پروگرامز کی بندش قابل تشویش ہے، پروفیسر حلیم صادق

تین سال سے مقامی فنکاروں کو معاوضوں کی عدم ادائیگی بدترین ظلم ہے، عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز میں مقامی زبانوں کے پروگرامز کی بندش اور گزشتہ تین سال سے مقامی فنکاروں کو معاوضوں کی عدم ادائیگی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلوچی، براہوی، (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

برکت اسماعیل بلوچ کا ضلع گوادر کے علاقے پیشکان میں گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کا دورہ

پیشکان (خ ن) ڈائریکٹر کالجز مانیٹرنگ مکران پروفیسر برکت اسماعیل بلوچ نے ضلع گوادر کے علاقے پیشکان میں گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کا دورہ کیا، جہاں پر انہوں نے فرسٹ اور سیکنڈ ایئر کی کلاسز کا معائنہ اور تدریسی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

پولیس کی کارروائیاں، گرفتار ملزمان اسلحہ، نقدی اور مسروقہ موٹر سائیکل سمیت میڈیا کے سامنے پیش

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی

گنداخہ (نامہ نگار فرید احمد) پولیس اسٹیشن گنداخہ میں ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی نے ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری اور ایڈیشنل ایس ایچ او باغ ٹیل محمد نواز راھوجہ کے ہمراہ سرکل گنداخہ کے تینوں تھانوں گنداخہ، باغ ہیڈ اور باغ ٹیل کی پولیس کارکردگی کے حوالے سے پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے مختلف کارروائیوں کے دوران گرفتار (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

پولیس کی کارروائیاں، گرفتار ملزمان اسلحہ، نقدی اور مسروقہ موٹر سائیکل سمیت میڈیا کے سامنے پیش

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی، ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی

گنداخہ (نامہ نگار فرید احمد) پولیس اسٹیشن گنداخہ میں ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی نے ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری اور ایڈیشنل ایس ایچ او باغ ٹیل محمد نواز راھوجہ کے ہمراہ سرکل گنداخہ کے تینوں تھانوں گنداخہ، باغ ہیڈ اور باغ ٹیل کی پولیس کارکردگی کے حوالے سے پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے مختلف کارروائیوں کے دوران گرفتار کیے گئے ملزمان، برآمد ہونے والا اسلحہ، نقدی رقم اور مسروقہ موٹر سائیکل بھی میڈیا کے سامنے پیش کیے (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو PPHI کے ضلعی دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر منیر احمد بلوچ سے ملاقات کی اور ضلع گوادر میں غیر فعال ہسپتالوں کی بحالی، ڈاکٹرز وطبی (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ سردار عیسیٰ خان گرلز ہائی سکول کی معطل خواتین اساتذہ فوری بحال کی جائے، مولانا رفیق

معطل خواتین اساتذہ کے خلاف کارروائی کے تمام پہلوؤں کا منصفانہ جائزہ لے کر انہیں انصاف فراہم کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے گورنمنٹ سردار (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

حفظانِ صحت کے تمام اصولوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر ماہ نور برکت

اورماڑہ (خ ن) عوامی شکایات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے مکران کوسٹل ہائی وے کے زیرو پوائنٹ پر قائم ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس پر اچانک چھاپہ مار کارروائی کی۔ اس (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

گوادر، ماں اور بچے کی صحت کے ہفتے کے تحت خواتین کو حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کی صحت اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

گنداخہ ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی گرفتار ملزمان کو میڈیا کے سامنے پیش کر رہے ہیں

نصیر آباد میں پانی کا بحران، عوام پینے کے صاف پانی سے محروم

پانی کی تقسیم کے نظام کی نگرانی مؤثر بنائی جائے تاکہ ٹیل کے علاقوں کے عوام کو ان کے حصے کا پانی بروقت مل سکے

پانی کی شدید قلت نے شہریوں اور آبادگاروں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، عوام کا فوری نوٹس لینے اور پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیر آباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں پانی کی قلت نے سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے، مختلف نہروں اور شاخوں کے ٹیل کے علاقوں میں نہری پانی کی عدم دستیابی کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ کئی علاقوں میں صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ لوگوں کو پینے کے لیے صاف پانی بھی دستیاب نہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق پانی کی قلت کے باعث روزمرہ زندگی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

عوام میں صحت مند طرزِ زندگی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے، عبدالوحد

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ، حفاظتی ٹیکہ جات کے فروغ اور بیماریوں سے مؤثر بچاؤ کی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ 14 ستمبر سے شروع ہوا ہے جو 19 ستمبر تک جاری رہے گا نیشنل پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالوحد کے مطابق مہم کے دوران مختلف علاقوں میں بچوں کی روٹین امیونائزیشن، حاملہ خواتین کو ٹی ڈی ویکسینیشن اور 2 سے 5 سال تک کے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

نصیر کاکڑ پر تشدد صحافت پر حملہ ہے، بی ایم ایف

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے خلاف بلوچستان میڈیا فورم کا شدید احتجاج، یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم نے سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ فورم کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

حسینی کارواں کے 50 عاشقان رسول عمرہ کیلئے لاڑکانہ سے مدینہ روانہ ہو گئے

ہمارا تو ایمان ہی پاکیزہ شہر مدینہ کی خوشبودار سرزمین سے وابستہ ہے، شہزاد چاچڑ حسینی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) حسینی کارواں کے 50 عاشقان رسول عمرہ کیلئے لاڑکانہ سے مدینہ روانہ ہو گئے۔ حسینی ٹریول ایجنسی کا 50 عاشقان رسول پر مشتمل قافلہ شاعر اہل سنت شہزاد چاچڑ حسینی کی قیادت میں عمرہ کے لیے روانہ ہو گیا ہے۔ کارواں کے سالار شاعر اہل سنت شہزاد چاچڑ حسینی ہیں، کارواں میں سفر کرنے والے محمد اسلم برڑو، پیپلز پارٹی شہید بھٹو (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

پشتون ثقافت اس خطے کی قدیم، وسیع اور تاریخی ثقافتوں میں سے ایک ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے پشتون قوم کی قدیم ثقافت، تہذیب، زبان، رسم و رواج اور روایات کو (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

کچرے کی بروقت منتقلی اور صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، سلیم ڈومکی

شہر کو مزید صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کیلئے صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیف آفیسر میر محمد سلیم ڈومکی ایک متحرک، فرض شناس اور عوام دوست شخصیت کے طور پر اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ شہر میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ان کی جانب سے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چیف آفیسر میر محمد سلیم ڈومکی کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر صفائی کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل عملے کو (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

میتھوڈسٹ چرچ کوئٹہ میں ایک اہم مکالمے کا انعقاد

پاکستان مختلف مذاہب، ثقافتوں، زبانوں اور روایات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا خوبصورت گلدستہ ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں امن، رواداری، باہمی احترام اور بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے میتھوڈسٹ چرچ کوئٹہ میں ایک اہم مکالمے کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف مذاہب، مکاتبِ فکر اور معاشرتی طبقات سے تعلق رکھنے والی (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پٹرول 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، ٹرانسپورٹرز

مہنگے پٹرول نے ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا مشکل بنا دیا، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہوگا۔ صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی



کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی اور دیگر رہنماؤں نے پٹرول کی فی لیٹر قیمت 400 روپے تک پہنچنے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابل برداشت بوجھ (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

عاشقان رسول پر مشتمل قافلہ شاعر اہل سنت شہزاد چاچڑ حسینی کی قیادت میں عمرہ کیلئے روانہ ہونے سے قبل گروپ فوٹو

طوغی روڈ پر سڑک میں تعمیر کی گئی دیوار کو گرا کر آمد ورفت بحال کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے علاقہ مکینوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے طوغی روڈ پر بند راستہ فوری طور (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے: ترجمان نگار پریس کلب سوراب

نگار پریس کلب سوراب رجسٹرڈ صحافی برادری کے ساتھ کھڑا ہے، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد قابلِ مذمت

سوراب (سراج احمد بلوچ) نگار پریس کلب سوراب رجسٹرڈ کے ترجمان نے کوئٹہ کے سینئر صحافی اور یونیورسل نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے صحافتی آزادی، آزادیٔ اظہارِ رائے اور صحافی برادری کے بنیادی حقوق پر سنگین حملہ قرار دیا ہے، ترجمان نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ، (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

مکران میڈیکل کالج تربت کے پروفیسر ڈاکٹر اقبال مسافر کی چھ سالہ بچی بچھو کے ڈنک سے جاں بحق

تربت (این این آئی) مکران میڈیکل کالج تربت کے پروفیسر ڈاکٹر اقبال مسافر کی چھ سالہ بچی بچھو کے ڈنک سے جاں بحق ہو گئی۔ بچھو کے ڈنک کے بعد بچی کی طبیعت بگڑ گئی اور اسے مکران میڈیکل کالج سے اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم اس وقت تک بچی کی حالت تشویشناک (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

تصدیق اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد مقررہ طریقہ کار کے مطابق لائسنس جاری کیا جائے گا، عتیق اللہ

کشتیوں کے مالکان بھی متعلقہ محکمہ ماہی گیری کے دفتر سے فارم حاصل کر کے ضروری دستاویزات کے ساتھ لائسنس کیلئے درخواست جمع کرا سکتے ہیں

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کے پائیدار ماہی گیری، ساحلی وسائل کے تحفظ، ماہی گیروں کی سہولت اور بلیو اکانومی کے فروغ کے وژن کے تحت محکمہ ماہی گیری و ساحلی ترقی بلوچستان کی جانب سے ماہی گیروں اور کشتی مالکان کیلئے خصوصی لائسنس مہم شروع کی گئی ہے ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے کہا ہے کہ خصوصی لائسنس مہم 10 روز تک جاری رہے (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

خلیفہ امان اللہ درکا زخمی ہونے والے غوثیہ جماعت کے فقیر سوشل ورکر سیٹھ عرفان جروار کی عیادت

محمد قاسم جروار، میر منور علی جروار، زبیر جروار، فہیم جروار، محمد حنیف جروار ودیگر بھی موجود تھے

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) غوثیہ جماعت کے چیف خلیفہ امان اللہ درس، حسام الدین بھٹو، خلیفہ مرتضیٰ جروار، خلیفہ مظہر منگی، وسیم احمد سومرو نے نوڈیرو میں غوثیہ آستانہ پر پہنچ کر میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پروگرام کے دوران منگی برادری کے افراد کے ہاتھوں (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

اظہارِ تشکر

چاغی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن چاغی کے صدر حاجی (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

اسکولوں میں جاری کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چمن کی مجموعی تعلیمی صورتحال، مختلف اسکولوں میں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں، بنیادی سہولیات اور کلاس رومز میں جاری درس وتدریس کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا

غوثیہ جماعت کے چیف خلیفہ امان اللہ درس، حسام الدین بھٹو، خلیفہ مرتضیٰ جروار، خلیفہ مظہر منگی اور دیگر اجلاس میں شریک ہیں

حرمین شریفین کی حفاظت ہرگز کسی قسم کی کوتاہی کی متحمل نہیں ہو سکتی، ڈاکٹر ذوالفقار گاذر

مکہ مکرمہ کی حرمت پر حملہ ناقابلِ قبول، حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے پاکستان سعودی عرب کے شانہ بشانہ ہے

میلسی (جنرل رپورٹر) میلسی کی معروف سماجی و سیاسی شخصیت ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر نے مکہ مکرمہ کی مقدس سرزمین کو ڈرون حملے کا نشانہ بنانے کی گھناؤنی کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ پوری امتِ مسلمہ کے جذبات اور مقدس مقامات کی حرمت پر سنگین حملہ ہے۔ سعودی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری آرچر روڈ پر متروکہ وقف املاک بورڈ کی اراضی کے حوالے سے مسیح برادری کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں